تصدیق انتقال 867 متوفی عبدالحمید ولد محمد عالم رقبہ موضع موٹا تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ عبدالحمید موضع موٹا میں مالک آراضی تھا جو فوت ہو چکا ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہو کر زیر فیصلہ ہے وارثان میں ممتاز بیگم بیوہ۔ اکمل حمید پسر۔ شازیہ حمید۔ نازیہ عمران۔ طلعت حمید۔ ماریہ حمید دختران ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہو تو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آ کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت میڈم ضوفشاں انجم صاحبہ
سول جج نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ

عنوان، زرینہ کوثر بنام عوام الناس۔ درخواست گارڈین ۔زرینہ کوثر بیوہ احسان اللہ سراء ساکن ٹھٹر کے تحصیل نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 10-02-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

صفحہ 2 بولتے شہر

اوکاڑہ یونیورسٹی سٹی کیمپس کے طلبہ کا شیلٹر ہوم پر تحقیقی سروے

یونیورسٹی آف اوکاڑہ، سٹی کیمپس کے طلبہ نے شیلٹر ہوم اوکاڑہ پر ایک تحقیقی سروے کیا۔ یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے ہیومن نیوٹریشن اینڈ ڈائیٹیٹکس (HND) ڈیپارٹمنٹ، سمسٹر 5 کے طلبہ کی جانب سے اس سروے کی خصوصی رپورٹ جاری کی گئی۔ اس تحقیق کو انجام دینے میں ماریہ اسلم، مبرا نسیم اور صبا شریف، سونیا انور، تحریم فاطمہ، علیشاء آصف، اریبہ رشید، ملائکہ عابد، تنزیلہ اکرم، ارم، مناحل فاطمہ، احسن نے اہم کردار ادا کیا۔ سروے 4 خواتین پر کیا گیا جن کی عمریں 22 سے 35 سال کے درمیان تھیں۔ سروے کے مطابق 4 میں سے 3 خواتین (75%) میں سیاہ حلقے، جلد کا ہلکا پیلا رنگ، اور بالوں کا گرنے کے مسائل تھے 4 میں سے 2 خواتین (50%) کو وزن میں کمی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ 4 میں سے 3 خواتین (75%) کو زیادہ تناؤ، سر درد اور ہاضمے کے مسائل ہیں جبکہ 4 میں سے 1 خواتین (25%) کو تناؤ کی وجہ سے نیند میں مسئلہ ہے۔ مزید یہ کہ غذائیت کی کمی کے باعث ان خواتین میں خون کی کمی (75%) کیلشیم (50%) وٹامن ڈی (50%) کی پائی گئی۔ اس کیعلاوہ 4 میں سے 3 بتایا کہ تناؤ ان کی خوراک پر اثر انداز ہوتا ہے۔ (50%) زیادہ کھاتے ہیں اور تناؤ کی وجہ سے وزن بڑھتا ہے۔ (25%) کم کھاتے ہیں اور تناؤ کی وجہ سے تمام 4 ممبروں میں کیفین کی مقدار میں اضافہ ہوتا ہے۔ (75%) تناؤ کی سطح کو کم کرنے کے لیے ورزش شروع کریں۔ (25%) مراقبہ شروع کریں جو تناؤ کو کم کرنے میں مدد کریں۔ سروے کے نتائج بتاتے ہیں کہ تناؤ کا غذائیت پر ایک اہم کردار ہوتا ہے، جس کی وجہ سے غیر صحت بخش خوراک کا انتخاب ہوتا ہے اور غذائی اجزاء کی ناکافی مقدار ہوتی ہے۔ تناؤ کا شکار شخص جسمانی تبدیلیوں کا تجربہ کرتا ہے، جیسے سیاہ حلقے، مہاسے، اور جلد کا ہلکا پیلا رنگ۔ سروے میں تناؤ کے انتظام کی حکمت عملیوں کی ضرورت کی اطلاع دی گئی جو صحت مند کھانے کی عادات اور مجموعی طور پر تندرستی کو فروغ دیں۔

بعدالت جناب شوکت
عباس رانجھا صاحب
سول جج درجہ اول پتوکی ضلع قصور

دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مولوی برکت بذریعہ صدام حسین بنام واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیئرمین واپڈا لاہور، ایکسین واپڈا لیسکو ڈویژن پھولنگر، آر او لیسکو ڈویژن پھولنگر، ایس ڈی او واپڈا سب ڈویژن پتوکی رورل تحصیل پتوکی ضلع قصور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 06.2.2025 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
دیپالپور/ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت مریم بی بی (متوفیہ) دختر محمد فاضل زوجہ محمد مقبول ساکن چک نمبر 24/D تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع چک نمبر 25/D تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ مریم بی بی (متوفیہ) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکی ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ محمد مقبول (خاوند)، محمد امجد، محمد ظہیر، محمد توقیر پسران متوفیہ مریم بی بی ساکنان چک نمبر 24/D تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت مریم بی بی (متوفیہ) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور وتصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب وقار احمد ناگرہ صاحب
تحصیلدار AC.1 شکرگڑھ

تصدیق انتقال 322 متوفیہ غلام بی بی بیوہ رحمت علی رقبہ موضع لکڑا تحصیل شکرگڑھ ہرگاہ بذریعہ اشتہار مشتہر کیا جاتا ہے کہ غلام بی بی موضع لکڑا میں مالک آراضی تھی جو فوت ہو چکی ہے اسکی وراثت کا انتقال درج ہو کر زیر فیصلہ ہے وارثان میں امانت علی پسر۔ رانی بیگم دختر ظاہر کئے گئے ہیں۔ اگر وراثت ہذا کا کوئی اور دعویدار ہو تو وہ اخبار اشتہار کی اشاعت کے اندر سات یوم حاضر آ کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ملک محمد عاطف
بن سعید صاحب
سینئر سول جج/سول ڈویژن گوجرانوالہ

عنوان، رضیہ بی بی بنام عوام الناس۔ درخواست جانشینی۔ رضیہ بی بی بیوہ امان اللہ خاں ساکن بازار نمبر 2 گلی نمبر 9 رشید کالونی گوجرانوالہ۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس۔ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 10-02-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

پنجاب یونیورسٹی سنٹر فار ساؤتھ ایشین سٹڈیز کے زیر اہتمام یوم کشمیر کی مناسبت سے سیمینار

لاہور (این ایل آئی) پنجاب یونیورسٹی سنٹر فار ساؤتھ ایشین سٹڈیز کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی گلگت سے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر میر وحید اخلاق، فیکلٹی ممبران اور طلباؤطالبات نے شرکت کی۔ اپنے کلیدی لیکچر میں ڈاکٹر وحید نے مسئلہ کشمیر کی تاریخ پر روشنی ڈالی جو نوآبادیاتی دور اور برطانیہ کی سامراجی پالیسیوں سے جڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاہدہ لاہور اور معاہدہ امرتسر مسئلہ کشمیر کے تناظر میں ایسی روشن مثالیں ہیں جو یہ بتاتے ہیں کہ کس طرح برطانوی استعمار کے سامراجی عزائم نے برصغیر کی جغرافیائی سیاسی صورتحال کو مزید خراب کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کشمیر کے تناظر میں گلگت بلتستان کی ترقی کی رفتار ملی جلی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاسی طور پر بااختیار بنانے کے حوالے سے صورتحال بتدریج بہتر ہورہی ہے جبکہ معیشت کے حوالے سے خطے کو ابھی بہت زیادہ محنت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک کو درپیش مسائل کو سمجھنے کے لیے ملک، خطے اور نوآبادیاتی دور کی تاریخ کے ساتھ ایک مناسب سمجھ اور سنجیدہ تعلق ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان میں مذہبی انتہاپسندی، ہندوتوا کا عروج اور اس طرح کی تحریکوں میں جڑے بیانیے کا پھیلاؤ ایک سنگین خطرہ ہے جس کا مقابلہ اکیڈمیا اور خصوصاً پاکستانی یونیورسٹیوں کے نوجوان محققین کو کرنا ہوگا۔ سیمینار کے شرکاء نے یقین دلایا کہ پاکستان کے ساتھ ساتھ باضمیر عوام بھی کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے حق خودارادیت کے منصفانہ اور جائز مقصد کے لیے ہر طرح کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کرتے ہوئے ان کے ساتھ کھڑے ہیں اور رہیں گے۔

بعدالت جناب ظہیر احمد صاحب
تحصیلدار تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر 5 ون ایل تحصیل رینالہ خورد، زیرفیصلہ منجانب ثمینہ یعقوب دختر اکرم علی قوم راجپوت بھٹی (فقہ جعفریہ) متوفیہ بحق وارثان بازگشت میں بلال احمد خاوند اش، زینب فاطمہ دختر متوفیہ کے وارثان میں شامل ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
دیپالپور/ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت رشیداں بی بی (متوفیہ) زوجہ محمد طفیل ساکن موضع قلعہ ہری چند تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع قلعہ ہری چند تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ رشیداں بی بی (متوفیہ) بقضائے الٰہی، سے وفات پاچکی ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ محمد اقبال، نذیراں بی بی، رضیہ بی بی، صغراں بی بی پسر و دختران متوفیہ رشیداں بی بی ساکنان موضع قلعہ ہری چند تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت رشیداں بی بی (متوفیہ) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور وتصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

سود: اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم ﷺ سے اعلانِ جنگ

ارشادِ ربانی:۔ ☆مگر جولوگ سود کھاتے ہیں ان کا حال اس شخص کا سا ہوتا ہے جسے شیطان نے چھو کر دیوانہ کر دیا ہو (البقرۃ:275)

☆اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو کچھ تمہارا سود میں سے باقی رہ گیا ہے، اسے چھوڑ دو، اگر واقعی تم ایمان لائے ہو۔ لیکن اگر تم نے ایسا نہ کیا تو تم آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے تمہارے خلاف اعلانِ جنگ ہے۔ اب بھی توبہ کرلو (اور سود چھوڑ دو) تو اپنا اصل سرمایہ لینے کے تم حقدار ہو۔ نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے۔ (البقرۃ:79-278)

فرمانِ نبوی ﷺ

☆سود مال کو گھٹاتا ہے اور صدقہ مال کو بڑھاتا ہے۔ (ابن ماجہ)

☆سات ہلاک کرنیوالی باتوں سے دُور رہو، ان میں سے ایک سود ہے۔ (بخاری)

☆رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے سود لینے والے پر، سود دینے والے پر، اس کے گواہ پر اور اس کے لکھنے والے پر۔ (ابوداؤد)

☆نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو بھی سوُد (کا لین دین) زیادہ کرتا ہے اس کا انجام مال کی کمی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ (ابن ماجہ)

آئیے سود کیخلاف مہم میں ہمارا ساتھ دیں
منجانب: تحریک انسداد سود
insdadesood@gmail.com

بقیہ 1

ہوئے انہیں جلد آزادی دینے کا بھی مطالبہ کیا، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہ بھارت سات دہائیوں سے زائد عرصے سے نہتے کشمیریوں پر ظلم کے پہاڑ ڈھا رہا ہے، تمام تر جبر اور ظلم کے باوجود بھارت کشمیریوں کے دل سے جذبہ آزادی ختم نہیں کر سکا، مقررین نے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ وہ کشمیریوں کو ان کا بنیادی حق خود ارادیت دلانے کا اپنا وعدہ پورا کرے۔

بقیہ 2

دارومدار ہوتا ہے۔ اس مرحلہ پر کسی قسم کی سستی یا کوتاہی سے پیداوار میں کمی کے علاوہ کوالٹی پر بھی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

بقیہ 3

امیر عبدالقیوم ہنجراء، سید نورالحسن شاہ قاری عبدالکریم، مولانا فیض اللہ، مہر محمد طارق ڈار، حافظ داؤد قمر، حنیف مغل، مولانا قاسم انور، مہر علی حسن، انجمن تاجران کے ضلعی صدر حاجی جمیل فخری، تاجر شیخ نعیم، رانا صدام و دیگر نے کہا کہ بھارت کشمیری مسلمانوں پر ظلم و ستم کر کے انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزیاں کر رہا ہے اُمت مسلمہ کے تمام ممالک متحد ہو کر بھارت کو دہشت گرد ملک قرار دلوائے۔

بقیہ 4

ان کی آزادی کی جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ چوہدری ابوہریرہ نے کہا کہ بھارت کشمیر پر غیر قانونی طور پر قابض ہے۔

بقیہ 5

بتایا کہ پولیس ملازمین کو ریٹائرمنٹ گرانٹس کی مد میں 02 کروڑ 23 لاکھ 94 ہزار روپے سے زائد رقم جاری کی گئی۔ تدفین اخراجات کی مد میں فورس کے اہلخانہ کو 35 لاکھ 50 ہزار روپے دیئے گئے۔

بقیہ 6

رکنے سے پاکستان، افغانستان، بنگلادیش میں یو این پاپولیشن فنڈ کی خدمات رک جائیں گی جس سے لاکھوں خواتین اور لڑکیوں کو جان لیوا خطرات لاحق ہوں گے۔

بقیہ 7

صدر چیچہ وطنی پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری فیاض حسن کمبوہ، جنرل سیکرٹری چوہدری عثمان سلیم سندھو، صدر مرکزی انجمن تاجران حقیقی تحصیل چیچہ وطنی چوہدری شہباز حسین کمبوہ، جنرل سیکرٹری حاجی غلام مرتضیٰ علامہ شاہد عمران اویسی، علامہ قاری اکمل، محمد عظیم رضوی سمیت تحریک لبیک کے کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی، آخر میں کشمیر کی آزادی اور ملکی سلامتی و خوشحالی کیلئے دعا کی گئی۔

بقیہ 8

اے۔ ملک بابر سپرنٹنڈنٹ جیل سیالکوٹ۔ چوہدری طاہر سلطان ایڈووکیٹ۔ محمد فاروق سبحانی ڈی سی آفس سیالکوٹ۔ محمد عابد ھقلہ چیمبر آف کامرس سیالکوٹ۔ محمد جہانگیر کالس۔ محمد ارشد پسوال۔ خلیل الرحمٰن کالس۔ محمد اقبال چوہان غزالی سکول سسٹم۔ محمد انوار الٰہی سی اے ای ٹریول ٹورز۔ محمد خلیل آف اٹلی۔ ضیا جاڑ۔ اکی لودھی۔ محمد قاسم چوہان۔ محمد عرفان ایگریکلچر والے۔ نے نماز جنازہ میں شرکت کی اور مرحومہ کی بخشش کے لیے دعا کی اور لواحقین کو صبر و تحمل کی تلقین کی۔

بقیہ 9

اور کشمیر کی آزادی تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے، اس موقع پر صدر چیچہ وطنی پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری فیاض حسن کمبوہ، صدر مرکزی انجمن تاجران حقیقی تحصیل چیچہ وطنی چوہدری شہباز حسین کمبوہ، جنرل سیکرٹری حاجی غلام مرتضیٰ سمیت مسلم لیگ کے عہدیداران و کارکنان موجود تھے۔

بقیہ 10

بھی موجود تھے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے اپنے خطاب میں کہا کہ بھارت جتنے مرضی ظلم ڈھالے وہ کشمیر کے مسلمانوں کی جدوجہد اور آزادی کو نہیں دبا سکتا، انہوں نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ہم کشمیری بھائیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

بقیہ 11

تنویر الحق، سابق ایم این اے سید عنایت علی شاہ، انجمن تاجران کے بعد حاجی شیخ ندیم، میاں عمران علی نیکوکارہ، صدر پریس کلب شاہد محمود چوہدری وکلاء شہریوں، صحافیوں کی بھرپور شرکت نو منتخب صدر شہزاد سلیم، سیکرٹری محمد اویس جوائنٹ سیکرٹری میاں وسیم عباس تھہیم، حاجی ممتاز، غلام علی، عمران گوندل وہاب عمر، فرحان جیولرز و دیگر تاجروں، سیاسی و مذہبی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایمانداری اور خلوص نیت کے ساتھ تجارت کرنے والے تاجروں کا مقام بلند ہوتا ہے۔

بقیہ 12

اراکین اور کارکنان نے شرکت کی، ریلی بڑا گھر سے شروع ہوئی جو مین بازار سے ہوتی مین اڈہ پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی، ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں کشمیری پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، بینرز اور پلے کارڈز پر کشمیریوں پر بھارتی افواج کے بہیمانہ مظالم اور ان کی جدوجہد آزادی کی حق میں نعرے درج تھے، مین اڈہ چوک میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کشمیری کئی دہائیوں سے ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں اور بھارت نہتے کشمیریوں پر ظلم کے پہاڑ ڈھا رہا ہے۔

بقیہ 13

مخالفین کو شدید پریشانی لاحق ہے جنہوں نے ایک سال میں 80 سے زائد منصوبے شروع کر کے مخالفین کی نیندیں حرام کر دی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) کے دور میں ہمیشہ ترقی خوشحالی او رعوامی فلاح و بہبود کے دروازے کھلے۔ ہماری زبانیں نہیں بلکہ ہماری کارکردگی بولتی ہے۔

بقیہ 14

مد مقابلوں کو پچھاڑ کر دو ٹائٹلز مسٹر جونیئر مینز فزیک + مسٹر جونیئر گوجرانوالہ جیت لیا۔ سیالکوٹ کے نوجوان بلڈر کی باڈی بلڈنگ کے دو ایونٹس میں کامیابی پر سپورٹس سٹی سیالکوٹ کے معروف بزنس کمیونٹی ٹائیکون ریاض الدین شیخ قائد اتحاد فاؤنڈرز گروپ نے مبارکباد دی۔

بقیہ 15

ملکی سلامتی و خوشحالی کیلئے خصوصی دعا کروائی، فرمائی، نقابت کے فرائض حاجی خالد اقبال نے ادا کیے، ملک بھر سے آئے ہوئے معروف نعت خواں نوید شاہ، عبدالشکور شکوری و دیگر نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں نذرانہ عقیدت پیش کیا اور علما کرام نے خطاب کیا، محفل کے اختتام پر حاضرین میں لنگر تقسیم کیا گیا، اس موقع پر ایس ایچ او کسووال ذیشان بشیر ڈوگر، معروف کاروباری شخصیت سردار جہانگیر ڈوگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 16

جائیں گے۔ انسداد پولیو مہم 7 فروری تک قومی انسداد پولیو جاری رہے گی۔ 2879 پولیو ٹیمیں گھروں، سکولوں، بس اسٹاپ، ریلوے اسٹیشن اور ہسپتالوں میں قطرے پلانے کا قومی فریضہ انجام دیں گی۔ والدین اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے ضرور پلائیں۔ کسی بھی علاقہ میں پولیو ٹیمیں نہ پہنچنے یا معلومات کیلئے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم 9250011 پر کال کریں۔

بقیہ 17

نے اپنے مشترکہ پیغام میں کہا کہ مشرق وسطی کی حالیہ پیش رفت نے واضح طور پر ظاہر کیا کہ دیرینہ تنازعات کو مزید بھڑکنے نہیں دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی حکومت اور عوام ہر سال "یوم یکجہتی کشمیر" مناتے ہیں تا کہ کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کے حصول کے لیے ان کی منصفانہ اور جائز جدوجہد کے لیے ان کی مستقل حمایت کی تجدید کی جا سکے۔ چوہدری شعیب رحیم وتھرا کا کہنا تھا کہ "حق خود ارادیت بین الاقوامی قانون کا ایک بنیادی اصول ہے۔ ہر سال، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی ایک قرارداد منظور کرتی ہے جس میں لوگوں کو اپنی تقدیر کا فیصلہ کرنے کے قانونی حق پر زور دیا جاتا ہے۔" یوم یکجہتی کشمیر پر اپنے پیغام میں چوہدری عثمان سلیم سندھو نے کہا کہ یہ دن عالمی برادری کو مظلوم کشمیری عوام کے تئیں اس کی ذمہ داری کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کشمیریوں سے کیے گئے وعدوں کو پورا کرے اور ان کے حق خود ارادیت کے حق کو تسلیم کریں۔

بقیہ 18

امور نے کہا ہے کہ 40 دنوں پر محیط لانگ حج پیکیج کے اخراجات 25 ہزار کی کمی کے ساتھ 10 لاکھ 50 ہزار روپے مقرر کر دیئے گئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 25 دنوں پر محیط شارٹ حج پیکیج کے 50 ہزار روپے کی مزید کمی کے ساتھ 11 لاکھ روپے مقرر کیے گئے ہیں، جبکہ شارٹ حج پیکیج کی تیسری قسط 5 لاکھ روپے ہوگی۔ تیسری قسط نامزد بینکوں میں 6 فروری تا 14 فروری جمع کروانا لازم ہے، ہر عازم حج کو اس کی اطلاع موبائل ایپ 'پاک حج' پر مل جائے گی۔ بیان کے مطابق سال 2024 کے حجاج کرام کو پونے 5 ارب روپے سے زائد رقم واپس کی جا رہی ہے، رقوم کی واپسی کی سات مختلف کیٹگریاں ہیں، رقم میں فرق کی وجہ منیٰ زون، مکہ رہائش، مکتب سی میں اخراجات کی کمی ہے، نیز قربانی ریفنڈ اور فضائی کرایوں میں بچت کا فائدہ بھی حجاج کرام کو دیا جا رہا ہے۔ سال 2024 کے 14 فیصد (9588) حجاج کرام کو 20 ہزار روپے بینک اکاونٹس میں منتقل کیے جا رہے ہیں، پانچ فیصد (3358) حجاج کرام کو 35 ہزار روپے دیئے جائیں گے، 19 فیصد (12981) حجاج کرام کو 50 ہزار روپے، 23 فیصد (16037) حجاج کرام کو 75 ہزار روپے، 26 فیصد (17828) حجاج کرام کو 90 ہزار روپے، 10 فیصد (6784) حجاج کرام کو 1 لاکھ 10 ہزار روپے، جبکہ 3 فیصد (2228) حجاج کرام کو ایک لاکھ 40 ہزار روپے متعلقہ بینک برانچ کے ذریعے واپس ملیں گے۔ وزارت مذہبی امور نامزد بینکوں میں جلد ہی حاجیوں کی اضافی رقم کی منتقلی شروع کر دے گی۔

بقیہ 19

کرنے سے روکنے کیلئے ذمہ دارانہ کردار ادا کریں۔ کشمیر کے مسئلے کا اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق منصفانہ حل نکالا جائے تا کہ خطے میں پائیدار امن قائم ہو سکے۔

بقیہ 20

فروخت کرنے کا اعتراف کیا۔ بلوچستان میں دو مختلف کارروائیوں کے دوران 51 کلوگرام ہیروئن اور 6000 نشہ آور گولیاں برآمد کی گئیں۔ اسی طرح، ایم ون موٹروے اسلام آباد کے قریب ایک کار کے خفیہ خانوں سے 15 کلوگرام ہیروئن برآمد ہوئی، جبکہ ضلع نارووال کے ایک گاؤں سے 2 کلوگرام ہیروئن برآمد کی گئی۔

بقیہ 21

کمی ہوئی ہے جس کے بعد برائلر مرغی کے تھوک ریٹ 384 روپے کلو جبکہ پرچون ریٹ 398 روپے کلو ہو گئے ہیں۔ لاہور میں انڈوں کی فی درجن قیمت میں مزید دو روپے کا اضافہ ہوا ہے جس کے بعد انڈے فی درجن 229 روپے سے 231 روپے ہو گئے ہیں۔

بقیہ 22

نے کہا کہ کشمیری عوام کی بے بسی اور بدحالی پر عالمی برادری کی خاموشی ظالم کا ساتھ دینے کے مترادف ہے۔ مظلوم کشمیری آج بھی اس بات کے منتظر ہیں کہ اقوام متحدہ اپنا کردار ادا کرتے ہوئے بھارت پر دباؤ ڈالے اور مقبوضہ کشمیر میں قابض افواج کی طرف سے نہتے کشمیریوں پر مظالم بند کروائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنے مظلوم کشمیری بہن بھائیوں کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ ہے اور ان کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ظلم کبھی نہ کبھی مٹتا ہے بھارت کو بھی ہر حال میں کشمیریوں کی خود ارادیت کو تسلیم کرنا ہو گا، کشمیریوں کو جلد بھارتی تسلط سے آزادی حاصل ہو گی۔

بقیہ 23

کشمیری بہن بھائیوں کو فراموش نہیں کر سکتی، پانچ فروری کے دن کو بھرپور عزم کے ساتھ منانے کا مقصد عالمی برادری کو کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں پاکستانی قوم کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت سے آگاہ کرنا ہے۔ پی سی ایم ای اے کے رہنماؤں نے کہا کہ قائد اعظم محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا اس لئے اس کی غیر معمولی اہمیت کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ کشمیری کئی نسلوں سے اپنے خون سے آزادی کی تحریک کی آبیاری کر رہے ہیں اور ان شاءاللہ ان کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی۔

بقیہ 24

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حق خود ارادیت کشمیریوں کا بنیادی حق ہے جس کے لئے پاکستانی قوم ہر فورم پر اُن کی حمایت جاری رکھے گی۔ روبینہ انعام نے مقبوضہ کشمیر کے عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں اور اُن کے حوصلے، صبر اور استقلال کو تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر کی ہدایت پر میڈیکل سٹاف نے آج کے دن اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا ہے جو اس امر کا اعادہ ہے کہ ہر پاکستانی شہری اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑا تھا، ہے اور رہے گا۔

بقیہ 25

بھرپور طریقے سے اجاگر کیا ہے، آج کے دن ہم ایک مرتبہ پھر دنیا کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ دنیا میں اس وقت تک پائیدار امن قائم نہیں ہو سکتا جب تک مسئلہ کشمیر حل نہیں ہو جاتا اسلئے اقوام متحدہ سمیت عالمی قوتوں کو اس مسئلے کے حل کی جانب توجہ دینے کی ضرورت ہے ریلی کے اختتام پر پاکستان کی ترقی و سلامتی اور کشمیر کی جلد آزادی کیلئے دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 26

اس تحریک کی کامیابی تک جدوجہد جاری رکھے گی اور ہر فورم پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرتی رہے گی۔ پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے بانی چیئرمین پیٹر جارلس نے کہا کہ یوم یکجہتی کشمیر منانے کا مقصد کشمیری عوام کے ساتھ حق خود ارادیت کیلئے یکجہتی اور عالمی برادری کی توجہ بھارتی مظالم کی جانب متوجہ کروانا اور آنے والی نسلوں پر بھارت کا مکروہ کردار اور چہرہ بے نقاب کرنا ہے، بھارت 5 اگست 2019ء میں مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے باوجود جذبہ آزادی کو دبانے میں ناکام رہا ہے، حکومت پاکستان بھارت کے مظالم اور گھناؤنے کردار کو عالمی دنیا کے سامنے بے نقاب کرے۔

بقیہ 27

سے بھارت کے پنجے میں قید ہے پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والی جنگوں کی وجہ کشمیر ہے لیکن پانچ اگست 2019 کے بھارتی اقدامات کشمیر پر بھارت کے غیر قانونی قبضہ کو مستحکم کیا ہے جبکہ ریاست پاکستان کا کردار اس پر خاموش تماشائی کا رہا ہے اور اس کارواں میں جلالپور بھٹیاں سے محمد اقبال ہنجرا رفاقت علی محمد ابوزر اپنے ساتھیوں کے ساتھ تشریف لائے اور پنڈی بھٹیاں سے حامد نذیر ڈاہر صاحب بھی موجود تھے اور اسی طرح سکھیکی منڈی سے طارق حکیم صاحب بھی تشریف لائے اور محمد عثمان تاز صاحب بھی موجود رہے پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع حافظ آباد کے ڈپٹی انفارمیشن محمد آصف نور گوندل مکمل ٹیم ساتھ رہیں۔

بقیہ 28

بھرپور مذمت کی اور اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کیا کہ کشمیر انسانیت سوز مظالم کو بند کروائیں اور اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق حق خود ارادیت دیں وکلاء نے بینرز اٹھا رکھے تھے ظلم کے ضابطے ہم نہیں مانتے کشمیریوں کو حق آزادی دو دنیا کے منصفو کشمیر تو جو چاہتے ہے مقررین نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ کشمیر آزاد ہو کر رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فوج کا کشمیریوں پر ہونے اولے مظالم کی بھرپور مذمت کی۔

بقیہ 29

پھول چڑھائے اور شہداء کی بے مثال قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کشمیری شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے آرمی چیف نے کشمیر میں چیلنجنگ آپریشنل حالات کے باوجود تعینات افسروں اور سپاہیوں کی غیر متزلزل لگن، پیشہ ورانہ عمدگی اور جنگی تیاری کی تعریف کی۔ انہوں نے ان کے بلند حوصلے اور چوکسی کی تعریف کی اور آپریشنل تیاری کو بلند رکھنے کی اہمیت پر زور دیا تا کہ کسی بھی دشمنانہ اشتعال انگیزی کا مقابلہ کیا جا سکے۔ آرمی چیف نے مسلح افواج کی جنگی تیاری پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور یہ یقین دہانی کرائی کہ کسی بھی جارحیت کا جواب بغیر کسی تاخیر کے دیا جائے گا۔

بقیہ 30

چیلنج پر 2 روزہ بین الاقوامی کانفرنس (آج) جمعرات سے اسلام آباد میں شروع ہو گی۔ اقوام متحدہ پاکستان کے اشتراک سے ڈان میڈیا گروپ کے بریتھ پاکستان اقدام کے تحت منعقد ہونے والی کانفرنس میں 100 کے قریب بین الاقوامی ماہرین جمع ہوں گے۔ یہ تقریب قومی اور بین الاقوامی سطح پر ایک پائیدار مستقبل کی تشکیل کا باعث بنے گی تا کہ پاکستان کو 2047 تک آب و ہوا سے محفوظ بنایا جا سکے۔ پورے جنوبی ایشیا میں موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے وقف ممتاز شخصیات کو شامل کرتے ہوئے کانفرنس کا مقصد جنوبی ایشیائی ممالک کے درمیان ایک بامعنی تعاون کو فروغ دینا ہے تا کہ موسمیاتی آفات کے منفی اثرات کو کم کرنے کے لئے ایک سٹریٹجک فریم ورک تیار کیا جا سکے۔ کانفرنس میں 14 سیشن شامل ہیں جن میں موسمیاتی مالیات، موسمیاتی انصاف، موافقت، پائیدار گورننس اور موسمیاتی کارروائی خاص طور پر جنوبی ایشیا میں شامل ہیں۔

بقیہ 31

انٹیلی جنس شیئرنگ کو مزید بہتر کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں پیرا ملٹری فورسز کے لئے بارڈرز کو محفوظ کرنے کے لیے تعاون پر بات چیت کی گئی، اس موقع پر پولیس اور پیرا ملٹری فورسز کی جدید ٹیکنالوجی کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے پولیس کے لئے جدید آلات اور ٹیکنالوجی کے چین سے حصول کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا، محسن نقوی نے کہا کہ چین سے پولیس کے لئے جدید ٹیکنالوجی اور آلات لیں گے۔ ملاقات میں نیشنل پولیس اکیڈمی کے ساتھ تعاون پر بات چیت کی گئی اور بیجنگ پولیس اور اسلام آباد پولیس میں تعاون بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے جنوری میں جوائنٹ ورکنگ گروپ کی میٹنگ پر اطمینان کا اظہار کیا، وفاقی وزیر داخلہ اور چینی ہم منصب کے درمیان ملاقات 2 گھنٹے طویل رہی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے چینی ہم منصب کو پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔

بقیہ 32

گئے، اسماعیلی کمیونٹی کے روحانی پیشوا اور 49 ویں امام، پرنس کریم آغا خان کا پرتگال کے دارالحکومت لزبن میں انتقال ہو گیا۔ وہ 88 برس کے تھے۔ پرنس کریم آغا خان کی نماز جنازہ لزبن میں ادا کی جائے گی، پرنس کریم آغا خان کے انتقال پر دنیا بھر میں جماعت خانوں میں خصوصی دعائیں شروع کر دی گئی ہیں۔ نئے پیشوا کے اعلان تک اسماعیلی کمیونٹی کی آفیشل ویب سائٹ پر درود کی تسبیح جاری رہے گی۔ پرنس کریم آغا خان کو 11 جولائی 1957 میں امام بنایا گیا تھا۔ اس وقت ان کی عمر 20 برس تھی۔ پرنس کریم کے دادا سر سلطان محمد شاہ آغا خان اسماعیلی تھے۔ پرنس کریم آغا خان نے اپنی زندگی پسماندہ طبقات کی زندگیوں میں بہتری لانے میں صرف کی۔

بقیہ 33

کشمیر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں اور ریاستی دہشت گردی عالمی برادری کے سامنے ہیں۔ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت کرتا رہا ہے۔ سفارتی، اخلاقی، اور سیاسی سطح پر کشمیریوں کا ساتھ دینا ہماری ذمہ داری ہے۔ انکا کہنا تھا کہ 5 فروری ہمیں کشمیری عوام کی آزادی کی جدوجہد یاد دلاتا ہے۔ کشمیری عوام دہائیوں سے بھارتی ظلم و جبر کا سامنا کر رہے ہیں۔ ہمیں سوشل میڈیا اور دیگر پلیٹ فارمز پر کشمیر کے مسئلے کو اجاگر کرنا ہو گا۔ دعا ہے کہ کشمیری عوام جلد آزادی کی نعمت حاصل کریں۔

بقیہ 34

کشمیر کی متنازع حیثیت کمزور کرنے کے لیے غیر قانونی اقدامات کیے، تمام بھارتی اقدامات سلامتی کونسل کی قراردادوں کی خلاف ورزی ہیں۔ کشمیری عوام کے حوصلے، بہادری کو سلام پیش کرتے ہیں، بھارت کا ہر قسم کا ظلم و جبر ناکام رہا ہے، جنوبی ایشیا میں امن مسئلہ کشمیر کے حل پر منحصر ہے، عالمی برادری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو روکے۔ 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اقدامات کو واپس لیا جائے، اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل کروایا جائے۔ بھارت اگر جمہوریت کا دعوے دار ہے تو کشمیر میں رائے شماری کروائے، بھارت کشمیر کا نقشہ بدلنا چاہتا ہے تا کہ غیر مقامی لوگ وہاں پراپرٹی خریدیں، وہاں رہائش اختیار کریں، اور مسلمانوں کی اکثریت کو اقلیت میں بدل دیں۔

بقیہ 35

سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بھکر تعینات، طاہر مجید ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل ملتان تعینات، وجاہت علی خان سپرنٹنڈنٹ جیل انسپکٹریٹ آف پریزن پنجاب لاہور تعینات، وجاہت علی خان کو سپرنٹنڈنٹ سب جیل پنڈی بھٹیاں کا اضافی چارج بھی دیا گیا، جاوید اقبال ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ ہائی سکیورٹی پریزن ساہیوال تعینات، محمد جعفر سید ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جوڈیشل ڈسٹرکٹ جیل جھنگ تعینات اور آصف مرتضیٰ کو ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈویلپمنٹ ڈسٹرکٹ جیل جھنگ تعینات کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 36

تشدد کرنے کی فوٹیج گزشتہ روز منظر عام پر آئی تھی۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ خاتون بچے کو جھولے سے اٹھا کر بیڈ پر پٹخ رہی تھی۔ گھریلو ملازمہ بچے کو بیڈ پر رکھ کر تشدد کرتی رہی اور بعد ازاں گھر میں چوری کر کے فرار ہو گئی تھی۔ پولیس نے مدعی مطلوب کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کیا اور بالآخر خاتون کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ 37

عوامی رکشہ یونین کے مرکزی چیئرمین مجید غوری نے کی۔ ریلی میں عوامی رکشہ یونین، عوامی چنگ چی رکشہ یونین، عوامی ایمبولینس یونین، عوامی لوڈر رکشہ یونین اور عوامی بائیک رائڈرز یونین کے ہزاروں کارکنان نے شرکت کی۔ کارکنان نے کشمیر اور پاکستان کے جھنڈے اٹھا رکھے تھے۔ جو کشمیر اور پاک فوج کے حق میں نعرے بازی کرتے رہے۔ ریلی گورنر ہاؤس پہنچ کر جلسہ میں تبدیل ہو گئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے عوامی رکشہ یونین کے مرکزی چیئرمین مجید غوری نے کہا کہ مسلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے۔ کشمیر ہماری شہ رگ ہے جس کو بھارتی درندوں نے دبوچ رکھا ہے۔ اس کو چھڑانے کے لئے پوری پاکستان قوم کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 38

لیگ (ن) نے ہمیشہ عوامی خدمت اور ترقی کی سیاست کو فروغ دیا، اظہار خیال تفصیلات کے مطابق دیپالپور کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت سردار سلیم حیدر جٹ کو مسلم یوتھ آرگنائزیشن (MYO) پاکستان ضلع اوکاڑہ کا سینئر نائب صدر مقرر کر دیا گیا ہے، جس کی باضابطہ منظوری چیف ایگزیکٹو و مرکزی صدر شعیب جیلانی بوبی نے دیتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ اس تقرری کو سردار سلیم حیدر جٹ کی سیاسی و سماجی خدمات کا اعتراف قرار دیا جا رہا ہے، اور حلقہ احباب، سیاسی و سماجی رہنماؤں، معززین علاقہ اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنان کی جانب سے انہیں مبارکباد دی جا رہی ہے۔

بقیہ 39

کہا ہے کہ کشمیر جنت نظیر وادی ہے، جسے بھارت نے ظلم و بربریت سے جہنم بنا دیا ہے، پوری قوم سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ کی قیادت میں یوم یکجہتی کشمیر پر وفاقی دارالحکومت میں ریلی نکالی گئی۔ ریلی کا آغاز دفتر خارجہ سے ہوا جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی جن میں خواتین اور بچے بھی شامل تھے۔ ریلی پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے پہنچی، جہاں شرکاء نے پاکستانی اور کشمیری پرچم تھام رکھے تھے اور پانچ سو میٹر طویل قومی و کشمیری پرچم بھی اٹھا رکھا تھا۔ مظاہرین نے کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے فلک شگاف نعرے لگائے۔ ریلی ڈی چوک پہنچنے پر سیاسی و سماجی شخصیات نے خطاب کیا۔ وفاقی وزراء، مذہبی و سیاسی رہنماؤں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکاء کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر کے ڈپٹی کنوینئر فاروق رحمانی اور چیئرمین کشمیر کمیٹی رانا محمد قاسم نون نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے۔

بقیہ 40

کمشنر انجم بابر، سی او میونسپل کارپوریشن ملک اعجاز احمد، سی ای او ایجوکیشن مجاہد حسین علوی، صوفیہ عبدالجلیل چاچا کرکٹر، عاشق حسین صدیقی، اشفاق نذر تھمن، پیر غلام حسین سلطانی، کشمیری رہنما عبدالشکور مرزا، حکیم عارف کے علاوہ محکمہ تعلیم، سول ڈیفنس، ریسکیو 1122، پنجاب پولیس، میونسپل کارپوریشن کے مقامی حکام کے علاوہ مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا' سکولوں کے طلباء نے کشمیری و ملی نغموں اور تقاریر کے ذریعے کشمیریوں کی حمایت کے عزم کا اعادہ کیا۔ کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے ایک منٹ کیلئے سائرن بجایا گیا اور خاموشی اختیار کی گئی۔

بقیہ 41

شاکر حسین شاہ رضوی ہال دیپالپور انعقاد پذیر ہوا، جس میں ممبر امن کمیٹی اوکاڑہ علامہ ظفر اللہ قمر لکھوی (رحمہ اللہ علیہ) ناظم جامع محمدیہ اوکاڑہ کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ غم کا اظہار کیا گیا اور مولانا ظفر اللہ قمر لکھوی (رحمہ اللہ علیہ) کی لازوال دینی و سماجی خدمات پر ان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا، درجات کی بلندی کے لیے دعائے مغفرت بھی کی گئی تعزیتی اجلاس میں ممبران و عہدیداران جن میں صدر حاجی محمد اشفاق چوہدری سینئر نائب صدر محمد امجد مغل، نائب صدر میاں نسیم احمد وٹو، نائب صدر دوم ڈاکٹر محمد ناصر، جنرل سیکرٹری مرزا فاروق احمد سلفی، جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر مبشر افتخار چوہدری، سیکرٹری انفارمیشن ریاض حسین پنوار، فنانس سیکرٹری حافظ حکیم عبدالرزاق کھوکھر، انچارج آفس مہر بشارت علی اور عہدیداران الیکٹرانک میڈیا سرپرست سید محمد حسن شاہ، صدر مجاہد محمود چوہدری، جنرل سیکرٹری جمشید اشفاق چوہدری، جوائنٹ سیکرٹری شفیع محمد سلفی، فنانس سیکرٹری محمد یوسف بھٹی، چیئرمین مجلس عامل؟ مسعود علی؟ اشمی، اراکین مجلس عاملہ: میاں امام دین، مرزا رضوان، چوہدری امتیاز شاہین، میاں کلیم اللہ ڈولہ، ڈاکٹر امتیاز احمد کاشف، عرفان شریف سمیت دیگر ممبران کی کثیر تعداد موجود تھی اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے، آمین

بقیہ 42

دیپالپور کے زیر اہتمام ریلیاں نکالی گئیں، ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور نعیم بشیر، سی او فاروق ارشاد کلاسن، صدر پریس حاجی محمد اشفاق چوہدری، امیر جماعت اسلامی زون 189 میاں رفیع سکھیرا ایڈووکیٹ، اور مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے انجینئر محمد عمران ضلعی جنرل سیکرٹری نے کی، ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر دیپال پور محمد نعیم بشیر، سی او فاروق ارشاد کلاسن، ہیڈ کلرک حاجی محمد نواز، میاں نعیم احمد بھٹہ ضلعی رہنما لیپکا، حاجی محمد صابر، سیکرٹری بار شاہد پیرزادہ، سابق صدر بار سید الطاف حسین ایڈووکیٹ، دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں کے عہدیداران و ممبران جن میں جنرل سیکرٹری پریس کلب مرزا فاروق احمد سلفی، صدر الیکٹرانک میڈیا چوہدری مجاہد محمود، نائب صدر میاں نسیم وٹو، جماعت اسلامی کے کارکنان، نائب امیر ضلع میاں سلیم طاہر جوئیہ، قیم جماعت اسلامی، محمد یوسف بھٹی، امیر شہر چوہدری اسلام زکی، رہنما جماعت اسلامی امجد علی مغل، صدر شہر رضوان سکھیرا ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی یوتھ یحییٰ سیف سکھیرا اولیس صدر جماعت اسلامی یوتھ، مرکزی مسلم لیگ کے ضلعی رہنما میاں شہزاد احمد ڈولہ، تحصیل رہنما میاں جاوید وٹو، کے علاوہ وکلاء، صحافیوں، تاجروں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور حلقہ خواتین جماعت اسلامی نے بھی کشمیریوں سے اظہار یکجہتی ریلی میں بھرپور شرکت کی اور ریلی دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں میونسپل کمیٹی سے ہوتی ہوئی مدینہ چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی، انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنائی گئی اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام سات دہائیوں سے بھارتی ظلم و جبر کا شکار ہیں اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے باوجود انہیں ان کا حق خود ارادیت نہیں دیا جا رہا۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کو کشمیری عوام پر جاری مظالم بند کرنے پر مجبور کرے وہ دن دور نہیں جب کشمیر آزاد ہو گا، ریلی کے شرکا نے کشمیری عوام کے حق میں نعرے لگائے اور بھارتی جارحیت کے خلاف احتجاج کیا، مقررین نے حکومت پاکستان سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر مزید مؤثر انداز میں اجاگر کرے اور کشمیری عوام کی ہر ممکن سفارتی و اخلاقی حمایت جاری رکھے، ریلی کے اختتام پر مولانا حافظ حسان صدیقی مہتمم و خطیب جامع ریاض الجنہ نے کشمیری شہداء اور ملکی سلامتی اور وقار کے لیے دعا کی گئی۔

بقیہ 43

L-12/39 میں منعقد ہوئی جس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر خبیب احمد، صدر پروب ڈاکٹر حافظ محمد احمد، جنرل سیکرٹری پروب حسن گجر، صدر یونٹ L-12/39 احمد رضا، عبدالرزاق ایڈووکیٹ محمد ارشد (بھٹے والے) سمیت دیگر نے پروب کے دفتر کا افتتاح کیا، اس موقع پر اہل دیہہ کی کثیر تعداد موجود تھی، سٹیج سیکرٹری کی ذمہ داری حافظ فرحان نے سرانجام دی، اس کے ساتھ ساتھ پروب ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن نے "انسداد گداگری مہم" کا بھی آغاز کیا گیا، تقریب میں سوشل ویلفیئر آفیسر خبیب احمد نے "گداگری ایک ناسور" کے موضوع پر بات کی۔ جنرل سیکرٹری حسن گجر نے پروب کی کارکردگی اور صدر یونٹ ایل 39/12 احمد رضا نے گزشتہ ایک سال کی L-12/39 میں کارکردگی رپورٹ پیش کی اور مستقبل کے پروجیکٹس کے بارے میں آگاہ کیا، صدر پروب ڈاکٹر حافظ محمد احمد نے "پروب کے نظریے اور معاشرے میں مستحقین کی ضروریات اور معاشرے کا اس پر کردار" پر بات کی اور آخر میں دعائے خیر کروائی گئی۔

بقیہ 44

کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول قصور سے ریلی نکالی گئی۔ یوم یکجہتی کشمیر تقریب میں بچوں نے کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے مختلف پروگرامز بھی پیش کئے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل عمر اویس، سی ای او ایجوکیشن گلزار احمد، ضلعی افسران، اساتذہ کرام اور طلباء و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری و ممبر قومی اسمبلی سعد وسیم شیخ نے کہا کہ مسئلہ کشمیر صرف ایک علاقائی تنازعہ نہیں بلکہ حق خود ارادیت کشمیری عوام کا بنیادی حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آزادی کی اس جنگ میں کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا ہے۔ ڈپٹی کمشنر قصور کیپٹن ریٹائرڈ اورنگزیب حیدر خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال 5 فروری کا دن کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے طور پر منایا جاتا ہے۔ کشمیریوں اور انکی جدوجہد آزادی کی حمایت ہر پاکستانی اپنا فرض سمجھتا ہے۔ پوری قوم کشمیر کے معاملے پر یکجان ہے اور پاکستان کا بچہ بچہ کشمیریوں کی حق خود ارادیت کیلئے اپنی آواز بلند کرتا رہے گا۔ بعد ازاں یوم یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی جس میں شرکاء نے کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے۔

بقیہ 45

سے سیالکوٹ ایئرپورٹ پر کارروائی کے دوران انسانی اسمگلنگ میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم غلام حیدر فلائٹ نمبر G9-552 کے ذریعے لیبیا سے پاکستان پہنچا تھا۔ ملزم گزشتہ 2 سال سے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی کو مطلوب تھا۔ ملزم نے بیرون ملک بھجوانے کے نام پر شہری سے لاکھوں روپے بٹورے تھے، ملزم کے خلاف 2023 میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ملزم کو گرفتار کر کے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 46

اٹھوانے میں انتہائی جانفشانی سے کام کر رہے ہیں لیکن کچہری کی دیوار کے باہر موٹر سائیکلوں کی ایک بڑی تعداد پارک ہے جو کہ غیر قانونی پارکنگ کو پرچی وصولی اور بھتہ وصولی کے بعد جائز پارکنگ بنا دیا گیا ہے پرچی جس کے اوپر روپے نہیں لکھے ہوتے ہیں لیکن اس پرچی پر فی موٹر سائیکل 40 روپے وصول کر لیے جاتے ہیں اور یہ رقم وصول کرنے والا شخص بدمعاشی سے یہ کہتا ہے کہ صدر بار کے حکم سے یہ پیسے وصول کیے جا رہے ہیں اور اس میں انتظامیہ شامل ہے، اگر آپ اپنی موٹر سائیکل اپنی ذمہ داری پر کھڑا کریں گے تو انتظامیہ موٹر سائیکل پنچر کر دے گی یا پلگ نکال لے گی اب بتائیں عوام کہاں جائے اگر تو حرام پیسہ دو تو پھر تو ٹھیک ہے اور اگر نہ دو تو ظلم برداشت کرو صدر بار ابھی الیکشن جیتے ہیں اگر یہ اس میں شامل نہیں تو اس کا سدباب کرے اور اپنا نام کلئیر کریں اور انتظامیہ خاص طور پر چیف آفیسر اس پر ایکشن لیں اور وزیر اعلیٰ اس کے ایکشن پر عمل کروائیں تا کہ پارکنگ کے نام پر ہونے والی کرپشن کا خاتمہ ہو سکیا ور جھنگ کی عوام کا بھلا ہو۔

بقیہ 47

صدارت کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے منعقدہ سیمینار صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد محمد عمران سلفی، حاجی ملک آصف اور پیٹرن انچیف پروفیسر ڈاکٹر یوسف آرائیں سلیم اللہ باجوہ کی زیر نگرانی سیمینار میں صدر قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کاشف کھوکھر، سینئر نائب صدر حاجی اکرم ذکی، جنرل سیکرٹری انجمن تاجران قصور آصف کھوکھر، جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن چائنہ غلام ربانی خان، صدر پریس کلب راجہ جنگ رانا زاہد عمران خاں، حکیم عبدالقیوم، چیئرمین پریس کلب قصور الحاج شوکت نقشبندی، گروپ لیڈر محمد افضل انصاری، آزاد الیکٹرونک میڈیا پریس کلب کے مہر عبدالرحمٰن، اطہر سلیم قصوری، سجاد انصاری، قاری آصف عثمانی، میاں کاشف، میاں عمران شہزاد انصاری، عرفان قصوری، ڈاکٹر لیاقت انصاری، کنگ آف قصور سمیع اللہ جٹ، شفیق احمد بھٹی، فیض آرائیں، اختر قصوری، جنرل سیکرٹری مصطفیٰ آباد پریس کلب بابا طارق مقبول، عمر شاہین سمیت دیگر شخصیات نے شرکت کی، آخر میں قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب سے مین فیروز پور روڈ چوک تک یکجہتی کشمیر ریلی نکالی گئی، عطاء محمد قصوری نے کہا کہ ہم کشمیری بھائیوں کیساتھ کھڑے ہیں، کشمیر کی آزادی تک ہم اپنی جدوجہد اور انکی حمایت جاری رکھیں گے، صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کشمیریوں پر مظالم کا سلسلہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی فوج کے ناجائز قبضہ سے شروع ہو گیا تھا، ان مظالم کا سلسلہ گزشتہ 77 سال سے جاری ہے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل نہیں ہو رہا، جبکہ گزشتہ چھ سالوں سے کشمیر میں لگایا گیا کرفیو دنیا کا طویل ترین کرفیو بن چکا ہے، کشمیری ہزاروں قربانیاں دینے کے باوجود آج بھی پاکستان سے اپنی محبت کا اظہار کر رہے ہیں، اقوام متحدہ اور عالمی امن کے دعوے داروں کو چاہئے کہ دو ہزار دنوں سے جاری کرفیو کو فوری طور پر ختم کروایا جائے اور کشمیریوں کو ان کا حق خود ارادیت دیا جائے، حکومت پاکستان زبانی بیان بازی کی بجائے کشمیریوں کیلئے عملی اقدامات کرے۔

بقیہ 48

مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ فلسطینی بہن بھائی عزم و حوصلے کی عمدہ مثال ہیں، اسرائیل کو فلسطین چھوڑنا پڑے گا۔ تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام مقبوضہ کشمیر اور فلسطین پر منعقد کیے گئے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ غزہ دوبارہ بنے گا اور انشاء اللہ پہلے سے زیادہ مضبوط بنے گا، اہل غزہ کا ساتھ دینا وقت کی ضرورت ہے، 17 ہزار بچے یتیم ہو چکے ہیں۔ مشاہد حسین نے کہا کہ یوم یکجہتی کشمیر پر پوری قوم کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے، کشمیریوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

بقیہ 49

ریسکیو 1122 سنٹرل اسٹیشن پر یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ایمرجنسی آفیسر طاہر عباس، ریسکیو اہلکاروں اور دیگر معززین شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ایمرجنسی آفیسر طاہر عباس نے خطاب کرتے ہوئے یوم یکجہتی کشمیر کی اہمیت کو اجاگر کیا اور کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کے لیے پاکستانی قوم کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور پاکستانی قوم ہر سطح پر ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ اس موقع پر تقریب کے شرکاء نے کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک واک میں بھی شرکت کی۔ واک کے دوران شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیری عوام کی حمایت اور بھارتی ظلم و ستم کے خلاف نعرے درج تھے۔ ریسکیو 1122 جھنگ کے عملے نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ نہ صرف ایمرجنسی حالات میں عوام کی خدمت کے لیے ہمیشہ تیار رہیں گے بلکہ قومی و ملی جذبے کے ہر موقع پر بھی اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ یہ تقریب اس عزم کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی کہ کشمیر کی آزادی تک پاکستانی قوم کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی رہے گی اور ہر سطح پر ان کی حمایت جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 50

طلبہ، فنون لطیفہ سے وابستہ افراد اور صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر نیشنل کالج آف آرٹس، پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری نے خطاب کرتے ہوئے کہا: "یہ نمائش نہ صرف کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کا مظہر ہے بلکہ یہ ہمارے نوجوان فنکاروں کے جذبے اور تخلیقی صلاحیتوں کی بھی عکاس ہے۔ آرٹ ایک طاقتور ذریعہ ہے جو تاریخی حقائق کو اجاگر کرنے اور دنیا کو بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔" شرکاء نے طلبہ کے فن پاروں کو سراہا اور اس بات پر زور دیا کہ فن اور ثقافت کے ذریعے کشمیر کے مسئلے کو اجاگر کرنے کی کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔

بقیہ 51

والی فیکٹری پکڑلی، سینکڑوں پتنگیں، ڈور کی چرخیاں، خام مال برآمد، چار ملزمان گرفتار، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خان سکھیرا کے خصوصی احکامات کی روشنی میں پتنگ بازی جیسے خونی کھیل کی روک تھام کیلئے قصور پولیس متحرک، ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد حسن عمران سعید نے خفیہ اطلاع پر چھاپہ مار کر پتنگیں اور ڈور بنانے والی فیکٹری پکڑلی، ملزمان ڈور اور پتنگیں بنانے میں مصروف تھے، ملزمان رانا سفیان، بلال ملک، شیراز آرائیں اور اکرام ملک کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے سینکڑوں کی تعداد میں پتنگیں، ڈور کی چرخیاں اور خام مال برآمد کر لی۔

بقیہ 52

لڑکے نے مبینہ طور پر خودکشی کر لی۔ والد علی حسن کا کہنا ہے کہ 13 سال کے بیٹے نے موبائل فون نہ دلانے پر خود کو گولی مار کر خودکشی کی۔ پولیس کے مطابق گاؤں سوماہر ہنگور جو میں لڑکے نے مبینہ طور پر خودکشی کی، لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے اور واقعے کی مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 53

ترقیاتی امور اور عوامی مسائل کے بارے گفتگو ہوئی۔ خصوصاً صحت، تعلیم، اسپورٹس، صفائی و ستھرائی، انکروچمنٹ، دکانوں کی نیلامی، فلٹریشن پلانٹ اور اسٹریٹ لائٹس سمیت دیگر بنیادی سہولیات کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔ ممبران نے اس بات کو سراہا کہ چیچہ وطنی میونسپل کارپوریشن بلدیہ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بہترین کام سرانجام دے رہی ہے۔ وفد نے اسسٹنٹ کمشنر وحید حسن گوندل کی انتھک محنت اور عوامی خدمت کے جذبے کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا، وحید حسن گوندل نے ممبران کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر سی او بلدیہ پرویز اختر، سب انجینئر ملک کاشف، انچارج انکروچمنٹ اختر بلوچ سمیت دیگر موجود تھے۔

بقیہ 54

اسلحہ حوالگی میں معاونت کریں گے، فریقین حکومت کے پاس جمع کرایا گیا اسلحہ اپنی مرضی سے کسی بھی وقت دیکھ سکیں گے۔ فریقین کو قانونی اسلحہ رکھنے کی اجازت ہو گی جس کیلئے حکومت لائسنس جاری کرے گی، کُرم امن معاہدے کے تحت فریقین اسلحہ جمع کرانے کے پابند ہیں۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن معاہدے کے تحت فریقین نے اسلحہ جمع کرانے کا پلان حکومت کو دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کُرم میں فریقین بھاری اسلحہ جمع کرائیں گے، ذاتی حفاظت کیلئے حکومت فریقین کو قانونی اسلحہ لائسنس جاری کرے گی، کُرم میں بنکرز کی مسماری کا عمل جاری ہے، تمام بنکرز کو گرایا جائے گا۔ جرگہ ممبر منیر بنگش نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کُرم میں اسلحہ جمع کرانے پر حکومت ہماری حفاظت کرے گی، کُرم میں پائیدار امن کیلئے فریقین متفق ہیں۔ جرگے کے ایک اور ممبر ارشاد حسین بنگش نے کہا کہ کُرم میں قیام امن کے لیے دونوں فریق لچک کا مظاہرہ کر رہے ہیں، ٹل پاڑا چنار روڈ کھلنے کی جلد خوشخبری دیں گے۔

بقیہ 55

بیرسٹر امجد ملک کی قیادت میں پنجاب اوورسیز کمیشن بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل نہایت مؤثر اور تیز رفتاری سے حل کر رہا ہے، جو کہ ایک قابل ستائش عمل ہے۔ وزیر اعظم نے بیرسٹر امجد ملک اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اوورسیز پاکستانی ہمارے ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں، اور ان کے مسائل کا فوری حل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ بیرسٹر امجد ملک کی انتھک محنت اور بہترین حکمت عملی کی بدولت ہزاروں اوورسیز پاکستانیوں کو انصاف اور ریلیف فراہم کیا جا چکا ہے۔ پنجاب اوورسیز کمیشن کا مؤثر کردار بیرون ملک پاکستانیوں کے اعتماد میں اضافہ کر رہا ہے، اور حکومت اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ اوورسیز پاکستانیوں کے حقوق کا ہر ممکن تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 56

کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ تقریب میں پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی کے علاوہ فرانس میں موجود سفارتی شخصیات اور معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ مقررین نے مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت کی۔ اس موقع پر کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے خصوصی تقاریر، ملی نغمے اور ایک دستاویزی فلم بھی پیش کی گئی، جس میں کشمیری عوام کی قربانیوں اور ان کی آزادی کی جدوجہد کو اجاگر کیا گیا۔ یہ تقریب ہر سال 5 فروری کو منعقد کی جاتی ہے تا کہ بین الاقوامی برادری کی توجہ مسئلہ کشمیر کی طرف مبذول کرائی جا سکے۔ دیگر مقررین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور اس کے بغیر پاکستان نامکمل ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو کسی صورت دبایا نہیں جا سکتا اور پاکستان ہر محاذ پر کشمیری بھائیوں کی حمایت جاری رکھے گا۔ مقررین نے بھارتی قابض افواج کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی شدید مذمت کی اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کے لیے عملی اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل ہی خطے میں پائیدار امن کی ضمانت ہے۔ تقریب میں موجود شرکاء نے کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان سفارتی، سیاسی اور اخلاقی سطح پر کشمیریوں کی حمایت جاری رکھے گا اور آزادی کی اس جدوجہد میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔

بقیہ 57

آباد میں آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ 24 کروڑ عوام کی جانب سے کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے حاضر ہوا ہوں، ہم ان عظیم شہدا کو سلام پیش کرنے آئے ہیں جنہوں نے گزشتہ 7 دہائیوں سے زائد عرصے سے اپنے لہو سے آزادی کی ناقابل فراموش داستان لکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برہان وانی شہید سے لے کر سید علی گیلانی تک، کشمیر کے بہادر بچوں اور بچیوں سے لے کر آسیہ اندرابی تک، بہادر اور بے خوف یٰسین ملک سے لے کر میر واعظ عمر فاروق تک جدوجہد آزادی کشمیر کے ہر قائد، ہر رہنما، ہر کارکن، ہر شہری اور ہر کارکن کو ہم سلام پیش کرتے ہیں، اس جدوجہد میں ہم کشمیریوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں جب تک کہ انہیں ان کا حق آزادی نہیں مل جاتا اور وہ سرخرو نہیں ہو جاتے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کشمیریوں نے اپنی ولولہ انگیز جدوجہد سے بھارت کے فوجی غرور کو شکست فاش دی ہے، بھارتی فوج نے ہر طرح کا ظلم و جبر ڈھایا اور وادی کشمیر کو بے گناہ کشمیریوں کے خون سے سرخ کر دیا مگر آج بھی کشمیریوں کا عزم آزادی مضبوطی سے ڈٹا ہوا ہے۔

بقیہ 58

یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منایا جاتا ہے تا کہ کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت کا اظہار کیا جا سکے۔ 5 اگست 2019 کو بھارتی حکومت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے اقدام، یعنی آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی، کی شدید مذمت کرتا ہے۔ یہ ایوان مقبوضہ کشمیر میں جاری مظالم اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتا ہے اور ان مظالم کے فوری خاتمے کا مطالبہ کرتا ہے۔

بقیہ 59

کرنے والوں میں شامل تھے۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی صورتحال، پنجاب میں ترقیاتی عمل اور عوام کی خدمت کے منصوبوں پر غور کیا گیا۔ نواز شریف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کی رفتار میں کمی کا آنا معاشی بہتری کا اشارہ ہے، سٹاک ایکسچینج کی بلندی کاروباری اور سرمایہ کار برادری کے اعتماد کی جھلک ہے۔ ترقی کی طرف سفر کی رفتار کا بڑھنا خوشگوار تبدیلی کی آمد کی علامت ہے۔ پاکستان کو جس پستی کی طرف دھکیل دیا گیا تھا اس میں ٹھہرا آنا خوش آئند ہے۔ نواز شریف نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف وفاق میں بڑی محنت سے کام کر رہے ہیں، اللہ تعالیٰ کا فضل ہو رہا ہے۔ مریم نواز شریف وزیر اعلیٰ سے بڑھ کر پنجاب میں ایک ماں اور بیٹی کے جذبے سے کام کر رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی ان کا ہاتھ پکڑتا ہے جو نیک نیتی اور محنت سے اس کی مخلوق کی خدمت کرتے ہیں۔ ارکان اسمبلی نے پنجاب میں ترقیاتی کاموں اور عوامی منصوبوں پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ارکان پنجاب اسمبلی نے اس موقع گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میاں صاحب آپ مریم نواز جیسی بہادر اور لائق بیٹی پر جتنا فخر کریں کم ہے۔

بقیہ 60

کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ کشمیری ڈرپوک نہیں نڈر قوم ہے، جابر کے سامنے کبھی نہیں جھکیں گے۔ یوم یکجہتی کشمیر پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کا سب سے بڑا ہتھیار شہدا کا خون ہے، شہداء کی قربانی ہمیں توانائی دیتی ہے کہ ہم حق اور سچ کیلئے کھڑے رہیں۔ انہوں نے کہا کہ حریت رہنماؤں کو بھارت قتل کر رہا ہے، نوجوانوں، بزرگوں کو جیلوں ڈالا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا دہشت گردی کا نیٹ ورک پوری دنیا میں پھیل چکا ہے، حال ہی میں میری والدہ کو بھارت نے اپنے دہشت گرد نیٹ ورک کے ذریعے سلو پوائزننگ سے شہید کروایا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں آبادی کا تناسب بدلنا چاہتا ہے۔ ہندوؤں کو وہاں لا کر بسایا جا رہا ہے، حریت رہنماؤں پر جھوٹے مقدمات بنائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 61

ریفارمز پالیسی کے تحت محکمہ جیل خانہ جات پنجاب میں تقرر و تبادلے، محکمہ داخلہ پنجاب نے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے۔ محکمہ داخلہ کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈاکٹر محمد صدیق گل کو سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بھکر تعینات کیا گیا۔ طاہر مجید ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل ملتان اور وجاہت علی خان سپرنٹنڈنٹ جیل انسپکٹریٹ آف پریزن پنجاب لاہور تعینات کیے گئے۔

بقیہ 62

مستقبل کے بارے میں فیصلہ کر سکیں' ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام 5 فروری کو منائے جانے والے یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلہ میں منعقدہ سیمینار سے خطاب میں کیا۔ سیمینار کے مقررین میں سینئر صحافی و تجزیہ کار مجیب الرحمٰن شامی، معروف تجزیہ نگار سلمان غنی، ڈاکٹر عرشہ سلیم، ساجد علی، طارق غوری، علی ساجد، حریت رہنما مشتاق احمد، سید ایم مہدی، ڈپٹی ڈائریکٹر پی آئی ڈی لئیق باجوہ شامل تھے جبکہ افسران، ملازمین سول سوسائٹی اور دیگر اراکین نے بھی سیمینار میں شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز شفقت عباس نے سیمینار کے شرکا کو خوش آمدید کہا اور اپنے خطبہ استقبالیہ میں کہا کہ آج ہم سب یہاں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی اور عالمی سطح پر بھارت کا اصل چہرہ عیاں کرنے کیلئے اکٹھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے مسئلہ کشمیر کا حل ضروری ہے، اس مسئلہ کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے، پاکستان نے کئی مرتبہ اس حوالے سے بھارت کے ساتھ مختلف فورم پر ڈائیلاگ کی کوشش کی مگر بھارت نے ہمیشہ بڑی ہوشیاری سے ان ڈائیلاگ سے راہ فرار اختیار کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقبوضہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، پاکستان حق خود ارادیت کے ذریعے اپنی تقدیر کا تعین کرنے میں جموں و کشمیر کے عوام کی منصفانہ جدوجہد کی غیر متزلزل سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ اس موقع پر حریت رہنما انجینئر مشتاق احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں نہتے لوگوں پر ظلم کے پہاڑ ڈھا رہا ہے، وہ طاقت کے ذریعے کشمیریوں کی آواز کو دبا نہیں سکتا، کشمیر میں کوئی بھی ایسا گھر موجود نہیں جس پر بھارتی فوج نے ظلم کے پہاڑ نہ ڈھائے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کے بغیر پاکستان نامکمل ہے، پاکستانیوں کے دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں، ہمیں پاکستان کی قدر کرنا اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ کشمیری پاکستان سے پیار کرتے ہیں، ہمیں امید ہے کہ پاکستان دنیا میں کشمیر کے تنازع کو حل کرانے کے لیے اسی طرح اپنا کردار ادا کرتا رہے گا اور دو قومی نظریہ کے تحت کشمیر پاکستان کا حصہ ضرور بنے گا۔ معروف صحافی و تجزیہ کار سلمان غنی نے کہا کہ پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے اس طرح کا سیمینار کا انعقاد خوش آئند ہے، جس پر میں پی آئی ڈی کی انتظامیہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر کے لوگوں کی تحریک آزادی کو دبانے کی ناکام کوشش میں نسل کشی، ماورائے عدالت قتل، حراست میں تشدد، کیمیائی ہتھیاروں کے استعمال، بچوں اور خواتین کے خلاف تشدد، جبری گمشدگیوں، پیلٹ گنز، اجتماعی سزا، کالے قوانین، فالس فلیگ آپریشنز جیسے غیر قانونی، غیر انسانی اور غیر اخلاقی ہتھکنڈے استعمال کر رہا ہے، اس کے باوجود ہمیں مایوس ہونے کی ضرورت نہیں، کشمیر کاز کو دبایا نہیں جا سکتا جس کا ادراک بھارت کو بھی بخوبی ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میں قربانیوں کی ایک تاریخ ہے، برہان مظفر وانی نے بھارت کا چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب کیا، وہ بھارتی فوج کے لیے ایک خوف کی علامت تھا، کشمیری پاکستان پرچم میں لپٹ کر دفن ہونا اپنے لیے اعزاز سمجھتے ہیں، کشمیریوں کی جانب سے بھارتی فوج کو بہت مزاحمت کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ملکی سیاسی جماعتیں کشمیر کاز پر متحد ہیں، مکہ کانفرنس ہو، شنگھائی کانفرنس ہو، اقوام متحدہ ہو یا کوئی اور فورم وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے مسئلہ کشمیر اور فلسطین کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے اور کشمیریوں کی حق خود ارادیت کی آواز کو نہ صرف پوری دنیا میں پہنچایا بلکہ پہچانے کا حقیقی حق ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان معاشی طور پر مستحکم ہو گا تو کشمیر جلد آزاد ہو گا۔ معروف صحافی و تجزیہ کار مجیب شامی نے کہا کہ سرکاری اداروں میں یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے اس طرح کے سیمینارز کا انعقاد ایک اچھی روایت ہے، جس پر میں ڈی جی پی آئی ڈی شفقت عباس کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، یہ ہمارا عہد ہے جس کو ہم ہر سال مناتے ہیں، ہم روز اول سے اس تحریک کیساتھ وابستہ ہیں، سابق وزیر اعظم لیاقت علی خان سے لے کر وزیر اعظم محمد شہباز شریف تک تمام حکومتوں نے مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر حل کروانے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت مزید تیز کی جائے گی، وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام آزادی کا سورج دیکھیں گے۔ ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب وزیر اعظم محمد نواز شریف کے دور میں بھارتی وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی پاکستان کے دورے پر آئے تو انہوں نے پوچھا کہ بھارت کے دستور کے مطابق تو کشمیر بھارت کا حصہ ہے پھر یہ تنازعہ کیسے حل ہو گا، تو محمد نواز شریف نے کہا کہ یہ مسئلہ انسانیت کے دستور کے تحت حل کریں گے، لیکن بدقسمتی سے پرویز مشرف نے نواز شریف کی حکومت ختم کر دی اور کشمیر کے حل کا معاملہ بہت پیچھے چلا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی رائے عامہ مسئلہ کشمیر کے معاملے میں پاکستان کے ساتھ ہے، بس ہمیں اقوام متحدہ میں ان قراردادوں کو بار بار یاد دلانے کی ضرورت ہے، وہ وقت ضرور آئے گا جب کشمیر کا مسئلہ حل ہو گا اور بھارت کو کشمیر پر سے اپنا قبضہ ختم کرنا ہو گا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ قوموں کی زندگیوں میں مشکلات بھی آتی ہیں اور وہ اس پر قابو بھی پا لیتی ہیں، بس ہمیں مایوس نہیں ہونا چاہیے، بطور قوم ہمیں اپنا کردار مثبت طریقے سے سرانجام دینا چاہیے، عزم کا تسلسل جاری رکھنا چاہیے وہ وقت دور نہیں جب یہ تنازعہ حل ہو جائے گا۔ طارق غوری نے کہا کہ یو فورم برائے کشمیر مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، فورم کے زیر اہتمام روزانہ کی بنیاد پر سکولز، کالجز، یونیورسٹیز و دیگر سطح پر کانفرنسز کرواتے ہیں جس کا مقصد اس مسئلہ کو اجاگر کرنا ہے، جلد کشمیر کو آزادی نصیب ہو گی۔ سید ایم مہدی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت دنیا میں دو بڑے تنازعات ہیں جن میں ایک کشمیر اور دوسرا فلسطین کا مسئلہ ہے، اقوام متحدہ سمیت بہت سے ممالک کی پارلیمنٹس میں پاکستانی مختلف عہدوں پر فائز ہیں اور اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، قائد اعظم محمد علی جناح نے بھی کشمیر اور فلسطین پر قوم کی رہنمائی فرما دی اب عوامی اور حکومتی سطح پر اس مسئلہ کو مزید اجاگر کرنے اور پالیسی سازی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اس سال سیکورٹی کونسل کا ممبر بنا ہے امید ہے مسئلہ کشمیر کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی طرف سے آرٹیکل 370 لاگو کرنے کے بعد 9 لاکھ سے زائد فوجی کشمیر میں تعینات ہیں، جس کا تناسب دنیا بھر میں سب سے زیادہ ہے، اس کے باوجود کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں کمی نہیں آئی اور ان کا جذبہ پہلے سے زیادہ ابھرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منظر نامہ تبدیل ہو رہا ہے، فلسطین میں گزشتہ 18 ماہ سے زائد کا مظالم اور جنگ ختم ہو گئی، اسرائیل اپنے مظالم کی انتہا کے باوجود فلسطینوں کے جذبے کو ختم نہیں کر سکا، آج اسرائیل کو گھٹنے ٹیک کر جنگ بند کرنا پڑی، وہ وقت دور نہیں جب فلسطین اور کشمیریوں کو ان مظالم سے نجات حاصل ہو گی اور وہ آزادی کا سورج طلوع ہوتا دیکھیں گے۔ ڈاکٹر عرشہ سلیم نے کہا کہ ہم بچپن سے کشمیر پر بھارتی مظالم کے واقعات سن سن کر بڑے ہوئے ہیں لیکن کشمیریوں کے جذبے میں ذرا بھی کمی نہیں آئی، سیمینار کے آخر میں سوال و جواب کا سیشن ہوا اور مقررین نے شرکا کے سوالوں کے جواب دیئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر پی آئی ڈی لئیق باجوہ نے آخر میں تمام شرکا اور مقررین کا شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے واک کا بھی اہتمام کیا گیا۔ واک کے شرکا نے کتبے اٹھا رکھے تھے جس پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے نعرے درج تھے۔

بقیہ 63

پراجیکٹ کی قرعہ اندازی میں خوش نصیب خواتین کے نام بھی نکالے۔ پارلیمانی سیکرٹری لائیوسٹاک سردار عاصم شیر میکن اور سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب ثاقب علی عطیل بھی اس موقع پر موجود تھے۔ صوبائی وزیر لائیوسٹاک و زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے اس موقع پر کہا کہ آج سے ہی جنوبی پنجاب کے مختلف اضلاع میں بیوہ و مطلقہ خواتین میں جانوروں کی تقسیم کا عمل بھی شروع ہو جائے گا جس کا آغاز سب سے پہلے تحصیل ملتان سے ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں ایک سال سے کم عرصہ میں پنجاب حکومت کے بیشتر پراجیکٹس پر عملدرآمد جاری ہے۔

بقیہ 64

آف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن (اورک) کے زیر اہتمام "ڈیجیٹل ریسرچ پروگرام برائے یونیورسٹیز" کے موضوع الرازی ہال میں پر خصوصی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔

بقیہ 65

کلب جھنگ سے ڈی سی آفس تک ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب جھنگ مہر نوید سدھانہ، صدر ملک وحید احمد اور سیکرٹری مہر ریاض نول نے کی۔ ریلی میں مہر عنصر عباس سربانہ، سید اسد شاہ، علی حسن آغا، عرفان حیدر ملک، عرفان حیدر سیال، عباد علی شاہ، رانا شہباز، سہیل شہزاد، فرحان علی ملک، و دیگر صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء ریلی کشمیری بھائیوں کے حق میں نعرے لگائے اور اظہار یک جہتی کیا۔

بعدالت جناب تاثیر عمران صاحب

جج فیملی کورٹ دیپالپور

نوعیت مقدمہ: دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع

بعنوان: شائستہ بی بی بنام محمد اسلم اشتہار بنام: محمد اسلم ولد اکبر علی قوم کھوکھر ساکن بستی عبداللہ، دیپالپور ہرگاہ کہ مقدمہ مندرجہ بالا میں مدعا علیہ/مدعا علیہم مذکور کی تعمیل آسان طریقے سے ہونی مشکل ہے۔ لہٰذا انہیں بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا /جاتا ہے کہ وہ بتقرر 06-02-2025 اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا آویں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت مس عاصمہ سعید صاحبہ

جج فیملی کورٹ گجرات

مرمہ دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ سابقہ وآئندہ عنوان سمیرا بی بی بنام رضا عارف اشتہار بنام رضا عارف ولد محمد عارف قوم گجر ساکن ساگو ڈاکخانہ ٹانڈہ تحصیل وضلع گجرات ہر گاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مُدعا علیہ کی تعمیل عام طریقے سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مُدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ مورخہ 08-02-2025 کو بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ھذا میں پیش ہو کر مقدمہ کی پیروی اور جوابدہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ظہیر احمد صاحب

تحصیلدار/تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر 12 ون ایل تحصیل رینالہ خورد، زیر فیصلہ منجانب پاناں بی بی بیوہ گو متوفیہ بحق وارثان بازگشت میں نیاز پسر (پہلے فوت شد)، اللہ دتہ پوتا (بعد میں فوت شد)، سکینہ بی بی، عائشہ بی بی (بعد میں فوت شدگان)، بشیراں بی بی، رشیداں بی بی پوتیاں متوفیہ کے وارثان میں شامل ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

کشمیر بنے گا پاکستان

نظر کے سامنے
ڈاکٹر جمشید نظر

مقبوضہ کشمیر کے عوام کی تاریخ ہمیشہ سے ایک جدوجہد کی داستان رہی ہے۔ 1947 میں تقسیم ہند کے بعد کشمیر کا مسئلہ ایک سنگین اور متنازعہ مسئلہ بن گیا۔ کشمیر ڈے ایک موقع ہے جب دنیا کو یہ یاد دلایا جاتا ہے کہ کشمیر کا مسئلہ صرف ایک سیاسی تنازعہ نہیں بلکہ یہ ایک انسانی مسئلہ ہے۔ مقبوضہ کشمیر کو بھارت کے غیر قانونی تسلط سے آزاد کرانے کیلئے پاکستان 5 فروری سن 1991 سے ہر سال باقاعدہ یوم یکجہتی کشمیر مناتا ہے۔ اس دن کو مناتے ہوئے ہمیں اس بات کی ضرورت ہے کہ ہم اپنی آواز بلند کریں اور کشمیریوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے عالمی سطح پر کوششیں کریں۔ 5 فروری کو منائے جانیوالے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے ایک نیا نغمہ ''کشمیر بنے گا پاکستان'' جاری کیا ہے۔ یہ نغمہ گلوکار احمد جہانزیب نے گایا ہے، جس کی دھن عرفان سلیم اور کامران اللہ خان نے دی ہے جبکہ اس کے بول عمران رضا نے لکھے ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے جاری کیا جانے والا یہ نغمہ کشمیریوں سے پاکستان کی حکومت اور عوام کے اس عزم کا اظہار ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے غیور اور دلیر عوام کے ساتھ پورا پاکستان کھڑا ہے۔

کشمیر میڈیا سروس کی ایک رپورٹ کے مطابق جنوری 1989 سے اب تک بھارتی فورسز نے خواتین اور بچوں سمیت 96 ہزار 388 کشمیریوں کو جعلی مقابلوں اور پرتشدد فوجی کارروائیوں کے دوران شہید کیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ بھارت کے غیر قانونی زیرقبضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کے اعدادوشمار نے بی جے پی کی بھارتی حکومت کے ان دعوؤں کو بے نقاب کر دیا ہے جن میں کہا گیا تھا کہ 2019 میں دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد صورتحال میں بہتری ہو رہی ہے جبکہ حقائق اس کے برعکس ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کی طرف سے جاری اعداد و شمار کے مطابق 2019 سے اب تک 955 کشمیریوں کو شہید کیا گیا ہے جن میں 18 خواتین اور 31 نوجوان بھی شامل ہیں۔ اس دوران 251 کشمیریوں کو جعلی مقابلوں یا دوران حراست قتل کیا گیا جبکہ 2 ہزار 480 کشمیریوں کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنا کر زخمی اور 25 ہزار 591 کو گرفتار کیا گیا۔ اس عرصے کے دوران مکانوں یا دکانوں سمیت ایک ہزار 127 املاک کو نذر آتش کیا گیا۔ بھارتی فوجیوں کی طرف سے شہادتوں کی وجہ سے 72 خواتین بیوہ اور 199 بچے یتیم ہوئے جبکہ 145 خواتین کی اجتماعی عصمت دری یا آبروریزی کی گئی۔ بھارتی قابض انتظامیہ کی طرف سے 326 کشمیریوں کی جائیدادیں ضبط اور 198 سرکاری ملازمین کو معطل یا برطرف کیا گیا۔ بھارت کے غیرقانونی زیرقبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی جاری کارروائیوں میں گذشتہ ماہ جنوری میں 6 کم عمر بچوں سمیت 11 کشمیریوں کو شہید کیا۔

بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے دورہ حکومت کے دوران اب تک مقبوضہ کشمیر اور بھارت میں رہنے والے مسلمانوں پر جو مظالم ڈھائے ہیں وہ تاریخ کے بدترین دن بن چکے ہیں خصوصاً سال 2019 تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا کیونکہ اس سال ایک طرف دنیا بھر میں کورونا کی وباء نے جنم لیا تو دوسری جانب اسی سال نریندر مودی نے مقبوضہ کشمیر میں جبری کرفیو لگا دیا اور بھارت میں رہنے والے مسلمانوں کی شہریت ختم کر دی۔ قابض بھارتی فوج کشمیریوں کے گھروں پر جعلی آپریشنز کر کے گھر میں موجود نوجوان اور دوسرے مردوں کو زبردستی حراست میں لے لیتی ہے اور پھر انھیں نامعلوم مقام پر لے جا کر شہید کر دیا جاتا ہے۔ کئی حریت رہنماؤں کو بنا کسی جرم کے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنی پڑ رہی ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارتی فوجیوں نے سال 2022 کے دوران کم از کم 181 آزادی پسندوں اور 45 شہریوں کو ماورائے عدالت شہید کیا اس عرصے کے دوران بھارتی فوج اور پیراملٹری اہلکاروں کی طرف سے کم از کم 199 تلاشی اور محاصرے کی کارروائیاں کی گئیں، ان کارروائیوں کے دوران تقریباً 212 شہریوں کی املاک کو نقصان پہنچایا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2022 میں صحافیوں کو بھارتی حکام کی طرف سے پابندیوں، دھمکیوں اور ہراساں کرنے کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ بھارتی فوجیوں کے وحشیانہ اور غیر انسانی ہتھکنڈوں کی وجہ سے ہزاروں کشمیری عمر بھر کیلئے معذور ہو چکے ہیں جبکہ مقبوضہ مقبوضہ علاقے میں پرامن مظاہرین پر مہلک پیلٹ گنز کے استعمال سے 200 سے زائد افراد بصارت سے محروم ہو چکے ہیں۔ بھارتی فوجی پرامن مظاہرین پر فائرنگ، پیلٹ گنز، آنسو گیس اور پاوا شیلوں کے وحشیانہ استعمال کے ذریعے کشمیریوں کو عمر بھر کیلئے معذور اور اپاہج بنا رہے ہیں۔ معصوم کشمیریوں پر وحشیانہ ظلم و تشدد، بجلی کے جھٹکے، ٹانگوں کے پٹھوں کو لکڑی کے رولر سے کچلنا، گرم چیزوں سے جلانا اور تفتیشی مراکز میں الٹا لٹکانے کے علاوہ کھلونا نما بموں اور بارودی سرنگوں کا بھی استعمال کیا جا رہا ہے، جس سے ہزاروں مظلوم کشمیری شہید اور عمر بھر کیلئے معذور ہو رہے ہیں۔ مودی حکومت کو سنجیدگی سے اس بات پر غور کرنا ہوگا کہ پاکستان اور بھارت تعلقات میں بہتری اور خطہ میں پائیدار امن و سلامتی کے لئے کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق تنازعہ کشمیر کو حل کرنا ہوگا۔

یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے ضلعی کونسل ہال ننکانہ میں تقریب

اراکین اسمبلی، ضلعی افسران، سول سوسائٹی نمائندوں اور شہریوں کی بڑی تعداد شریک

طلبہ نے ٹیبلوز اور تقاریر سے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) ننکانہ صاحب اور اس کی تین تحصیلوں میں بھی یوم یکجہتی کشمیر جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا، ننکانہ صاحب میں یوم کشمیر کی مرکزی تقریب ضلع کونسل ہال میں منعقد ہوئی جس میں اراکین اسمبلی، ضلعی افسران، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، تقریب کے دوران مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء اور طالبات نے ٹیبلوز اور تقاریر کے ذریعے نہتے کشمیریوں پر بھارتی مظالم اور کشمیریوں کے جدوجہد آزادی کو بیان کیا، سکھ برادری کے بچوں نے بھی یوم کشمیر کی مرکزی تقریب میں شرکت کی اور ملی نغمہ پیش کر کے کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا، انہوں نے کشمیریوں پر بہیمانہ بھارتی مظالم کی مذمت کرتے

بقیہ نمبر1

محکمہ زراعت پنجاب نے آلو کی برداشت سے متعلق سفارشات جاری کردیں

لاہور (خصوصی رپورٹر) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پنجاب کے میدانی علاقوں میں موسم خزاں میں کاشت کی جانے والی آلو کی فصل کی برداشت 15 فروری تک یعنی بوائی کے 100 تا 120 دن کے بعد کی جاتی ہے۔ آلو کی برداشت کا مرحلہ بہت اہم گردانا جاتا ہے کیونکہ اس کی معیاری پیداوار کے حصول پر کاشتکار کی ساری محنت کا

بقیہ نمبر2

ننکانہ صاحب، ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راؤ، ڈی پی او یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان ملی لیبر فیڈریشن کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر ریلی

چیئرمین میاں ریاض، چودھری ابوہریرہ، محبوب عالم سندھو دیگر کے شرکاء سے خطاب

شرکاء کی بھارت کیخلاف نعرے بازی' وادی میں جاری ظلم وستم کی شدید مذمت

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان ملی لیبر فیڈریشن کے زیراہتمام مظلوم کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء کشمیریوں سے رشتہ کیا لاالہ الااللہ، کشمیر بنے گا پاکستان، بھارتی فوج کشمیر سے نکل جاؤ کے نعرے بلند کرتے رہے۔ مظاہرہ سے پاکستان ملی لیبر فیڈریشن لاہور کے چیئرمین میاں ریاض، صدر چوہدری ابوہریرہ اور جنرل سیکرٹری محبوب عالم سندھو نے خطاب کیا۔ میاں ریاض نے کہا کہ آج ہم کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ کشمیریوں سے یکجہتی کرنے والی حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کو قائداعظم کا کشمیر پاکستان کی شہ رگ والا موقف اپنانا چاہیے۔ قائد اعظم نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ کہا۔ ہم کشمیریوں کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم پاکستان ملی لیبر فیڈریشن

بقیہ نمبر4

جمعیت علماء اسلام چنیوٹ کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر ریلی

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام کے زیراہتمام کشمیریوں سے یکجہتی کیلئے جامع مسجد صدیق اکبر چوک سے پرامن ریلی نکالی گئی جس میں تمام مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، سیاسی وسوسائیٹی وکلاء تاجر رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی ختم نبوت چوک کے قریب ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر حافظ مہر تنویر الحق سرپرست مولانا خلیل احمد اشرفی مفتی محمد افضال، مولانا عبدالواحید نفیسی قاری محمد عثمان جماعت اسلامی کے

بقیہ نمبر3

پاکستان ملی لیبر فیڈریشن لاہور کے صدر چودھری ابوہریرہ کشمیریوں کے حق میں نکالی گئی ریلی کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

افغانستان میں 1200 سے زائد حاملہ خواتین کی جان کو خطرہ

جنیوا (نیٹ نیوز) اقوام متحدہ نے خبردار کیا ہے کہ امریکا کی امدادی فنڈنگ رکنے سے جنوبی ایشیا میں لاکھوں خواتین متاثر ہوں گی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق یو این پاپولیشن فنڈ کے ایشیا پیسیفک ریجنل ڈائریکٹر نے جنیوا میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں فلاحی، امدادی کاموں کے لیے اقوام متحدہ کا سب سے بڑا ڈونر امریکا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ امریکی فنڈنگ

بقیہ نمبر6

پنجاب پولیس اور انکے اہلخانہ کی ویلفیئر کیلئے شاندار اقدامات

ایک ماہ میں 27 کروڑ 77 لاکھ روپے سے زائد رقم فورس کی ویلفیئر پر خرچ کی گئی

محکمے کے ویلفیئر ذرائع سے حاصل آمدن سے ملازمین کی دادرسی کی گئی' آئی جی

لاہور (جنرل رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے فورس اور ان کے اہلخانہ کی ویلفیئر کیلئے شاندار اقدامات جاری ہیں جس کے تسلسل میں پولیس ملازمین کے بچوں کو تعلیمی سکالر شپس کی مد میں 09 کروڑ 70 لاکھ 34 ہزار روپے سے زائد رقم جاری کی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ پولیس ملازمین کی بیٹیوں کو ویڈنگ گفٹ کی صورت میں 06 کروڑ 65 لاکھ 20 ہزار روپے دیئے گئے۔ گذارا الاؤنس کی مد میں پولیس ملازمین کے فیملیز کو 04 کروڑ 59 لاکھ 85 ہزار روپے سے زائد دیئے گئے۔ علاج معالجے کی سہولیات میں معاونت کے لئے 04 کروڑ 06 لاکھ 65 ہزار روپے سے زائد جاری کئے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید

بقیہ نمبر5

ضرورت کورٹ رپورٹرز

www.dailyqadamat.com ••• E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
Daily QADAMAT Lahore
روزنامہ قدامت لاہور
ایڈیٹر ایم گلزار مصطفائی

روزنامہ "قدامت" لاہور کو قصور، گوجرہ، کمالیہ، پیرمحل، حافظ آباد، پنڈی بھٹیاں، ظفروال، نارووال، سرائے عالمگیر، خوشاب، کوٹ مومن، ساہیوال ضلع سرگودھا، جوہر آباد، پسرور، ڈسکہ، بھکر، جہلم، پنڈدادنخان، خانیوال، میاں چنوں اور جنوبی پنجاب سے کورٹ رپورٹرز درکار ہیں۔

خواہش مند حضرات رابطہ کریں

0300-6975542 ڈپٹی ایڈیٹر: زین ملک

کشمیری تحریک آزادی کی خون سے آبیاری کررہے ہیں' عتیق الرحمٰن

شہدائے کشمیر کی قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی: عبداللطیف ملک، ریاض احمد

کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت سے قوم کو آگاہی دینا ہوگی' اعجاز الرحمان

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے کشمیریوں کی آزادی کے لئے لازوال جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہدائے کشمیر کی قربانیاں ایک دن ضرور رنگ لائیں گی۔ چیئرمین میاں عتیق الرحمان، پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، وائس چیئرمین ریاض احمد، کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الرحمان، سینئر رہنما عثمان اشرف، سعید خان، اکبر ملک، میجر (ر) اختر نذیر، کامران رضی، شاہد حسن شیخ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستانی قوم کسی لمحے بھی اپنے مظلوم

بقیہ نمبر23

بھارتی مظالم انسانی حقوق کی تنظیموں کے منہ پر طمانچہ: مسرت چیمہ

آزادی کی منزل کے حصول تک کشمیریوں کی غیر مشروط حمایت جاری رہے گی

بھارت کی روایتی ہٹ دھرمی سے کشمیریوں پر عرصہ حیات تنگ ہو چکا' بیان

لاہور (سٹاف رپورٹر) تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم کشمیریوں کی آزادی اور حق خودارادیت کی منزل کے حصول تک ان کی غیر مشروط حمایت کرتی رہے گی، بھارتی حکومت کی دہائیوں سے جاری بربریت عالمی برادری اور انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کے منہ پر طمانچہ ہے۔ یوم یکجہتی کشمیر پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ بھارت کی روایتی ہٹ دھرمی سے کشمیریوں پر عرصہ حیات تنگ کیا گیا ہے لیکن اس کے باوجود کشمیریوں کی آزادی کی جدوجہد میں کمی کی بجائے شدت آئی ہے۔ انہوں

بقیہ نمبر22

کشمیر درحقیقت برصغیر کی تقسیم کا نامکمل ایجنڈا ہے: اشرف بھٹی

پاکستانی عوام کشمیری بھائیوں، بہنوں کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں' تاجر رہنما

لاہور (خصوصی رپورٹر) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کشمیر کے بغیر نامکمل ہے، پاکستانی قوم کشمیر کاز کیلئے اپنے عزم پر ثابت قدم ہے اور کشمیری عوام کے ساتھ اس وقت تک کھڑے رہے گی جب تک وہ اپنا پیدائشی حق، حق خودارادیت حاصل نہیں کر لیتے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ کشمیر درحقیقت برصغیر کی تقسیم کا نامکمل ایجنڈا ہے، پاکستانی عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں، پاکستان ہر فورم پر کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری اور انسانی حقوق کی تنظیمیں بھارتی افواج کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا نوٹس لیں اور بھارت کو کشمیری عوام پر ظلم

بقیہ نمبر19

سیالکوٹ، ڈپٹی کمشنر ذوالقرنین لنگڑیال موبائل پولیو ٹیموں کی چیکنگ کررہے ہیں

سیالکوٹ میں قومی انسداد پولیو مہم چوتھے دن بھی جاری

ڈپٹی کمشنر ذوالقرنین لنگڑیال کی اسسٹنٹ کمشنرز کے ہمراہ پولیو ٹیموں کی مانیٹرنگ

ضلع بھر میں مجموعی طور پر 7 لاکھ 95 ہزار 877 بچوں کو ویکسین پلانے کا ہدف

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) قومی انسداد پولیو مہم چوتھے روز میں داخل ہوگئی۔ ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنرز کے ہمراہ پولیو ٹیموں کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کا پاک پورہ کا دورہ، گھروں میں جا کر بچوں کی تصدیق کی۔ 2 روز میں 5 لاکھ 24 ہزار 286 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے۔ مجموعی طور پر 7 لاکھ 95 ہزار 877 بچوں کو قطرے پلائے

بقیہ نمبر16

چیچہ وطنی: 8ویں محفل ذکر حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انعقاد

صدارت پیر حبیب اللہ شاہ نے کی' کثیر تعداد میں مریدین وعقیدتمندوں کی شرکت

علماء کرام اور نعت خواں حضرات نے ہدیہ تبریک پیش کیا' پیر قاسم کا خصوصی خطاب

چیچہ وطنی (نامہ نگار) 8ویں سالانہ عظیم الشان محفل ذکر حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زیرصدارت الحاج پیر حبیب اللہ شاہ آستانہ عالیہ کھمکول شریف کوہاٹ مقامی میرج ہال میں منعقد ہوئی جس میں ملک بھر سے مریدین، معروف نعت خواں اور علما کرام نے شرکت کی، پیر قاسم نذیر المعروف (ماموں سرکار) نے خصوصی خطاب کیا، پیر حبیب اللہ شاہ نے

بقیہ نمبر15

پیکا سے سچائی کا ساتھ دینے والے صحافیوں کو کوئی خطرہ نہیں' رانا اعجاز

یہ قانون ملک دشمن عناصر کیلئے ہے' مریم نواز کی بڑھتی مقبولیت سے مخالفین پریشان

ن لیگ کے دور میں ہمیشہ ترقی وخوشحالی کے دروازے کھلے' مرکزی رہنما ن لیگ

لاہور (پ ر) پیکا کا قانون ریاست کے خلاف جاری جھوٹی سازشوں اور پروپیگنڈہ سے نمٹنے کا ایک اہم ہتھیار ثابت ہوگا' ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ وارڈ نمبر 7 والٹن کینٹ کے صدر رانا اعجاز احمد نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کا کہ سچائی، انصاف، ایمان داری اور ملک کے وقار کیلئے کام کرنے والے صحافیوں کو پیکا کے قانون سے کوئی خطرہ نہیں ہونا چاہیے' یہ قانون ان جال ساز اور ملک دشمن عناصر کیلئے ہے جو پاکستان کے دشمنوں کے اشاروں پر باہر بیٹھ کر اس ملک کی ترقی، استحکام اور سلیمت کے خلاف سازشیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی بڑھتی مقبولیت سے

بقیہ نمبر13

جماعت اسلامی بچیکی کے زیراہتمام یکجہتی کشمیر ریلی کا انعقاد

قیادت حکیم عبدالغفار ناصری نے کی' کثیر تعداد میں عہدیداران کی ریلی میں شرکت

نہتے مسلمانوں پر بھارت مظالم پر عالمی برادری کی خاموشی پر افسوسناک ہے' مقررین

بچیکی (نمائندہ خصوصی) جماعت اسلامی بچیکی کے زیراہتمام یکجہتی کشمیر ریلی کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت امیر جماعت اسلامی زون 135 حکیم عبدالغفار ناصری نے کی جبکہ ریلی میں امیر سٹی بچیکی سیف اللہ خالد، نائب امیر ملک عبدالسلام اعوان، جنرل سیکرٹری اسلم قمر، ناظم بیت المال قاسم علی، یونس مغل، راشد محمود اعلیٰ اور مدثر حسین بابر سمیت دیگر

بقیہ نمبر12

بچیکی، جماعت اسلامی کے زیراہتمام یکجہتی کشمیر ریلی کے شرکاء بھارت کیخلاف نعرے لگارہے ہیں

چودھری محمد سخی' ماہر تعلیم چودھری رفیع کی ہمشیرہ کا انتقال' نماز جنازہ ادا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) مشہور سماجی کارکن اور ہردل عزیز شخصیت چوہدری محمد سخی آف آسٹریلیا۔ اور معروف ماہر تعلیم چوہدری محمد رفیع اف انگلینڈ کی ہمشیرہ محمد طیب محمد رعیب محمد عمر کی والدہ گزشتہ روز رضائے الٰہی سے انتقال فرما کے ان کی نماز جنازہ آبائی گاؤں سیدرہ خورد کے قبرستان میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی جس میں رانا عارف اقبال ہرناہ ایم پی

بقیہ نمبر8

تحریک لبیک چیچہ وطنی کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر پر کشمیریوں کا ساتھ دینے کے عزم کا اظہار

چیچہ وطنی (نامہ نگار) تحریک لبیک پاکستان ضلع ساہیوال کے زیراہتمام کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ناظم اعلیٰ میاں عمیر رضوی کی سرپرستی میں ریلی نکالی گئی جو مختلف بازاروں سے ہوتی ہوئی چیچہ وطنی پریس کلب پہنچی، جہاں پر مقررین نے کشمیر کی آزادی کے سلسلہ میں خطاب کیا، اس موقع پر

بقیہ نمبر7

محبوب علی خان
0300-9610182
زرعی سنٹر
امریکن پیسٹ کنٹرول
گھریلو وزرعی ادویات کا مرکز
ہر قسم کے بیج وکھاد بھی دستیاب ہے
پودوں کی بیماریوں کی روک تھام اور دیمک کے خاتمے کیلئے بھی رابطہ کریں
قینچی سٹاپ بالمقابل PEL فیکٹری فیروزپور روڈ لاہور

Kashmir Day

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پرنسپل نرسنگ کالج لاہور جنرل ہسپتال روبینہ انعام ریلی کی قیادت کررہی ہیں

مرغی کے گوشت کی قیمت میں کمی

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور اور ملتان میں مرغی کی قیمت میں بڑی کمی ہوگئی، صوبائی دارالحکومت لاہور میں انڈے مزید مہنگے ہوگئے۔ لاہور میں مرغی کا گوشت 18 روپے کلو سستا ہوا ہے جس کے بعد برائلر گوشت کی قیمت 577 روپے فی کلو ہوگئی ہے، گزشتہ روز قیمت 595 روپے کلو تھی۔ سرکاری نرخنامے میں زندہ برائلر مرغی کے نرخ 13 روپے کی

بقیہ نمبر21

اے این ایف نے 11 کروڑ روپے کی منشیات ضبط کرلی

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) انسداد منشیات فورس (اے این ایف) نے ملک کے مختلف شہروں اور تعلیمی اداروں کے گردونواح میں منشیات سمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 11 کروڑ روپے مالیت کی 69 کلوگرام منشیات برآمد کرلی، خاتون سمیت متعدد ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ راولپنڈی کے علاقے لالہ زار روڈ پر ایک یونیورسٹی کے قریب کارروائی میں ایک کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلباء کو منشیات

بقیہ نمبر20

پاکستانی حاجیوں کیلئے حج 50 ہزار روپے تک سستا ہوگیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزارت مذہبی امور کے مطابق رواں سال پاکستانی حاجیوں کیلئے حج اخراجات میں 50 ہزار روپے تک کمی ہوگئی ہے۔ وزارت مذہبی امور کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق لانگ پیکیج میں تیسری قسط کے 4 لاکھ 50 ہزار روپے ادا کرنا ہوں گے۔ وزارت مذہبی

بقیہ نمبر18

دیرینہ تنازعات کو مزید بھڑ کنے نہیں دینا چاہیے' چودھری شعیب

چیچہ وطنی (نامہ نگار) 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر سابق سرپرست چیچہ وطنی پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری شعیب رحیم وتھرا اور جنرل سیکرٹری چیچہ وطنی پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری عثمان سلیم سندھو

بقیہ نمبر17

یوم یکجہتی کشمیر پر نرسنگ کالج جنرل ہسپتال کے زیراہتمام ریلی کا انعقاد

نرسنگ طالبات کے "لیکر رہیں گے کشمیر" اور " کشمیر بنے گا پاکستان "کے نعرے

کشمیر ہماری شہ رگ، جدوجہد آزادی میں اُنکے شانہ بشانہ کھڑے ہیں: روبینہ انعام

لاہور (سٹاف رپورٹر) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کالج آف نرسنگ امیر الدین میڈیکل کالج لاہور جنرل ہسپتال کے زیراہتمام پرنسپل روبینہ انعام کی قیادت میں ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں فیکلٹی ممبران اور نرسنگ طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے کشمیر کی آزادی کے حق میں پمفلٹس اٹھا رکھے تھے، نرسنگ طالبات نے "لے کر رہیں گے کشمیر" اور " کشمیر بنے گا پاکستان" کے فلک شگاف نعرے بلند کیے جبکہ شرکا نے ہاتھوں کے زنجیریں بنا کر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیا۔ شرکاء نے کہا کہ بھارت نے ہمیشہ عالمی اصولوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بین الاقوامی اداروں کی قراردادوں کو نظر انداز کیا اور سیکولرازم کے دعوؤں کے برعکس بنیادی انسانی حقوق کی جس طرح سے دھجیاں اڑائیں گئیں اُس کی اور کہیں مثال نہیں ملتی۔ پرنسپل نرسنگ کالج لاہور جنرل ہسپتال روبینہ انعام نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہہ رگ ہے اور جدوجہد آزادی میں اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑے

بقیہ نمبر24

کشمیر کی آزادی تک حمایت جاری رہے گی: شیر علی گورچانی

کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائینگی' صوبائی وزیر

عالمی برادری کو کشمیری عوام پر ہونیوالے بھارتی مظالم کا نوٹس لینا چاہیے' بیان

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر معدنیات شیر علی گورچانی نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی، اور ان کا حقِ خودارادیت ہر سطح پر اجاگر کیا جاتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر صرف ایک زمینی تنازعہ نہیں بلکہ ایک انسانی المیہ ہے، جس کا حل ناگزیر ہے۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ کشمیری عوام پر ہونے والے ظلم و ستم کا نوٹس لے اور انہیں ان کا حق دلانے میں کردار ادا کرے۔ وزیر معدنیات نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ظلم کی تاریکی ختم ہو کر رہے گی اور جلد کشمیر میں آزادی کا سورج طلوع ہوگا۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور ہم اسے کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے۔

پاکستان مرکزی مسلم لیگ کی ننکانہ صاحب میں یکجہتی کشمیر ریلی

قیادت مفتی قاسم نے کی' ریلی میں ضلعی عہدیداران سمیت شہریوں کی بڑی تعداد شریک

شرکاء کی کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کے حق اور بھارت کیخلاف شدید نعرے بازی

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) میں بھی پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیراہتمام یکجہتی کشمیر ریلی کا انعقاد کیا جس کی قیادت مرکزی رہنماء مفتی محمد قاسم نے کی جبکہ ریلی میں ضلعی صدر میاں عابد، ضلعی جنرل سیکرٹری ثاقب مجید سمیت دیگر عہدیداران، علماء کرام، سماجی رہنماؤں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، ریلی ریلوے اسٹیشن سے شروع ہوئی جو مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی بیری چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی، ریلی کے شرکاء کی ہاتھوں میں کشمیری پرچم تھام کر کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا، شرکاء نے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کے حق اور بھارت کے خلاف شدید نعرے بازی کی، بیری والا چوک میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پاکستان اس خطے میں مسئلہ کشمیر کا سب سے بڑا وکیل ہے جس نے ہمیشہ مسئلہ کشمیر کو

بقیہ نمبر25

پاکستان مرکزی مسلم لیگ ننکانہ
کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔

ننکانہ صاحب میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے ریلی نکالی جارہی ہے

سپوت سیالکوٹ مجتبیٰ میر نے 2 باڈی بلڈنگ ٹائیٹلز جیت لئے

CASH PRIZE FOR WINNERS

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سپوت سیالکوٹ مجتبیٰ میر نے 2 باڈی بلڈنگ ٹائیٹلز جیت لئے۔ بزنس کمیونٹی کے قائد ریاض الدین شیخ نشان امتیاز، صدر چیمبر آف کامرس اکرام الحق، شیخ زاہد حمید کی جانب سے مبارکباد۔ سیالکوٹ کے علاقہ فتح گڑھ سے تعلق رکھنے والے باڈی بلڈر مجتبیٰ میر نے ایک ہی دن میں

بقیہ نمبر14

انجمن تاجران صرابہ بازار تاجر اتحاد گروپ کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران صرافہ بازار تاجر اتحاد گروپ کے نومنتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری سرگودھا روڈ چناب میرج ہال میں ہوئی جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر حافظ مہر

بقیہ نمبر11

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر چیچہ وطنی میں احتجاجی ریلی کا انعقاد

چیچہ وطنی (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح تحصیل چیچہ وطنی میں بھی اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی وحید حسن گوندل کی زیرصدارت کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منایا گیا، تحصیل کمپلیکس سے ریلی نکالی گئی، ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر و ایڈمنسٹریٹر وحید حسن گوندل سمیت دیگر میونسپل کمیٹی عملہ اور سرکاری اداروں کے ملازمین

بقیہ نمبر10

مرکزی مسلم لیگ چیچہ وطنی کا مظلوم کشمیریوں سے اظہار یکجہتی

چیچہ وطنی (نامہ نگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ چیچہ وطنی کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع ریلی کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت مرکزی صدر صوبہ پنجاب چودھری سرور نے کی، ریلی مختلف بازاروں سے ہوتی ہوئی چیچہ وطنی پریس کلب پہنچی، جہاں پر صوبہ پنجاب کے صدر چوہدری سرور نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر ہمارہ شہ رگ ہے

بقیہ نمبر9

اقوام متحدہ کو کشمیریوں کا بہتا خون نظر کیوں نہیں آتا: پیٹر چارلس

بھارتی مظالم پر دنیا کی آنکھیں کب تک بند رہیں گی، عالمی ضمیر کب جاگے گا؟

کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھیں گے: چیئرمین مائنارٹیز موومنٹ

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے بانی چیئرمین پیٹر چارلس نے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی نظریاتی، جغرافیائی اور معاشی شہ رگ ہے، مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے بغیر تکمیل تحریک پاکستان ممکن نہیں، مقبوضہ وادی میں بھارت کی 10 لاکھ قابض فوج جنگی جرائم کا ارتکاب کر رہی ہے، اقوام متحدہ کو کشمیریوں کا بہتا ہوا خون نظر کیوں نہیں آتا، بھارتی مظالم پر دنیا کی آنکھیں کب کھلیں گی، عالمی ضمیر کب جاگے گا؟۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے نکالی جانے والی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے بانی چیئرمین پیٹر چارلس کا کہنا تھا کہ تحریک آزادی کشمیر دراصل تحریک پاکستان کا تسلسل ہے اور تکمیل پاکستان کی تحریک ہے اس تحریک کی کامیابی سے پاکستان کی ترقی وخوشحالی وابستہ ہے، پاکستان مائنارٹیز موومنٹ

بقیہ نمبر26

پنڈی بھٹیاں میں یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے ریلی نکالی جارہی ہے

یوم یکجہتی کشمیر پر پنڈی بھٹیاں میں احتجاجی ریلی

کثیر تعداد میں شہریوں کی شرکت' ریلی کا اہتمام مرکزی مسلم لیگ نے کیا

کشمیر پاکستان کی شہ رگ' مظلوموں کی حمایت کرتے رہیں گے' شرکاء پرعزم

جلالپور بھٹیاں (نامہ نگار رائے شاہد عمران) پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع حافظ آباد کے صدر شیخ بلال ایڈووکیٹ سابقہ چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب تنزیل الرحمان بٹ نے شرکت کی جس میں انہوں نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہیا اور اس کو ہم چھوڑا کر ہی رہے گے اور پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع حافظ آباد کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد ادریس صاحب نے کشمیر کاروں کی قیادت کرتے ہوئے کہا کہ ہم کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور کشمیری عوام پاکستان کے ساتھ ہیقاری عبدالحفیظ جگ صاحب بھی تشریف لائے پاکستان مرکزی مسلم ضلع حافظ سٹی کے کوڈینٹر مجیب الرحمن رانجھا صاحب نے بھرپور محنت کی اور کشمیر کاروں کو کامیاب قرار دیا اس کشمیر کاروں میں خصوصی آمد عبدالماجد سلفی صاحب بھی تشریف فرماتھے اور ان کا کہنا تھا کشمیری تقسیم برصغیر کا نام مکمل ایجنٹ ہے بانی پاکستان محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا یہ شاہ رگ 77 سالوں

بقیہ نمبر27

کشمیریوں پر انسانیت سوز مظالم بند کروائے جائیں' چودھری شرافت

اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو حق خودارادیت دیا جائے' راجہ عبدالمقیت

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ اور رہبر لائرز فورم کے زیراہتمام ریلی سے خطاب

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ اور رہبر لائرز فورم کے زیراہتمام کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کیلئے ریلی ختم نبوت چوک سے سیالکوٹ روڑ تک نکالی گی جس کی قیادت صدر بار چوہدری شرافت علی ناہرہ، سکرٹری بار جنرل راجہ عبدالمقیت ایڈووکیٹ اور چیئرمین رہبر لائرز فورم چوہدری پرویز شاکر گجر ایڈووکیٹ نے کی ریلی سے وحید الحق ھاشمی ایڈووکیٹ، ڈاکٹر حلیم خان ایڈووکیٹ صدر رہبر لائرز فورم اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے بھارتی فوج کا کشمیریوں پر ھونے والے مظالم کی

بقیہ نمبر28

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ / رہبر لائرز فورم کے زیراہتمام
یوم یکجہتی کشمیر ریلی
شرافت علی ناہرہ
راجہ عبدالمقیت
پرویز شاکر

گوجرانوالہ: صدر بار چوہدری شرافت علی ناہرہ، سکرٹری بار جنرل راجہ عبدالمقیت ایڈووکیٹ اور چیئرمین رہبر لائرز فورم چوہدری پرویز شاکر گجر ایڈووکیٹ، وحیدالحق ہاشمی ایڈووکیٹ ودیگر وکلاء کشمیری مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی جارہی ہے

پبلشر ایم گلزار نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فورتھ فلور خلیج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا' جوائنٹ ایڈیٹر: محبوب اے خان' ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی' ڈپٹی ایڈیٹر زین ملک' سینئر ایڈیٹر: ایم فہیم اکرم' ایڈیٹر انویسٹی گیشن: میاں مشتاق